ان الحجة لا تقوم اللہ عزوجل علی خلقہ الا بامام حتی یعرف۔	اللہ کی حجت اس مخلوق پر قائم نہیں بغیر امام کے تاکہ اس کے ذریعے اللہ کی اور اس کے دین کی معرفت حاصل ہو۔
(اصول کافی ص ۱۰۳)	

اس باب میں اسی مضمون کی قریب قریب انہی الفاظ میں متعدد روایات ہیں۔

امام کے بغیر یہ دنیا قائم نہیں رہ سکتی

اصول کافی میں مندرجہ ذیل باب کے بعد متصلاً دوسرا باب ہے جس کا عنوان ہے باب ان الارض لا تخلو من حجۃ (دنیا حجت یعنی امام سے خالی نہیں رہ سکتی)

اس باب میں اس مضمون کی متعدد روایتیں ہیں جو پوری سند کے ساتھ روایت کی گئی ہیں۔ ان میں سے صرف دو یہاں درج کی جاتی ہیں۔

عن ابی حمزۃ قال قلت لابی عبد اللہ تبقی الارض بغیر امام؟ قال لو بقیت الارض بغیر امام لساخت (اصول کافی ص ۱۰۴)

ابو حمزہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق سے عرض کیا کہ یہ زمین بغیر امام کے باقی اور قائم رہ سکتی؟ انہوں نے فرمایا کہ اگر زمین امام کے بغیر باقی رہے گی تو دھنس جائے گی۔ (قائم نہیں رہ سکتی)

عن ابی جعفر قال لو ان الامام رفع من الارض ساعۃ لماجت باھلھا کما یموج البحر باھلہ۔

امام باقر سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ اگر امام کو ایک گھڑی کے لیے بھی زمین سے اٹھا لیا جائے تو وہ اپنی آبادی کے ساتھ ایسے ڈولے گی جیسے سمندر میں موجیں

آتی ہیں۔

تمام سنی حضرات اِن حوالہ جات کو پڑھ کر اندازہ لگائیں کہ یہ خدا اور اس کے پیارے رسولؐ کی توہین نہیں ہے تو اور کیا ہے۔ عقیدہ امامت شیعیت کا انتہائی غلیظ عقیدہ ہے۔ جس نے پورے عالم اسلام کو تڑپا کر رکھ دیا ہے۔ شیعہ فرقہ اثناعشریہ کا عقیدہ بلکہ کہنا چاہیئے کہ ایمان ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے اپنی صفتِ عدل اور حکمت و رحمت کے لازمی تقاضے سے نبوت و رسالت کا سلسلہ جاری فرمایا تھا اور بندوں کی ہدایت و رہنمائی اور ان کی قیادت و سربراہی کے لیۓ اس کی طرف سے انبیاء و رسل علیہم السلام مبعوث اور نامزد ہو کر آتے تھے جو معصوم اور مفترض الطاعۃ ہوتے تھے اور ان کی بعثت و دعوت ہی سے بندوں پر اللہ کی حجت قائم ہوتی تھی اور وہ ثواب یا عذاب کے مستحق ہوتے تھے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سے بندوں کی ہدایت و رہنمائی اور سربراہی کے لیے اور ان پر حجت قائم کرنے کے لیے امامت کا سلسلہ قائم فرما دیا ہے اور قیامت تک کے لیۓ بارہ[۱۲] امام نامزد کر دیئے ہیں بارھویں امام پہ دنیا کا خاتمہ اور قیامت ہے یہ بارہ امام انبیاء علیہم السلام ہی کی طرح اللہ کی حجت معصوم اور مفترض الطاعۃ ہیں اور مرتبہ اور درجہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر اور دوسرے تمام انبیاء علیہم السلام سے افضل و برتر اور بالاتر ہیں۔ ان اماموں کی اس امامت کو ماننا اور اس پر ایمان لانا اسی طرح نجات کی شرط ہے جس طرح انبیاء علیہم السلام کی نبوت و رسالت کو ماننا اور ان پر ایمان لانا شرط نجات ہے۔

ان بارہ[۱۲] اماموں میں پہلے امام حضرت علی[۱] مرتضیٰ۔ ان کے بعد ان کے بڑے بیٹے حضرت[۲] حسن اس منصب یعنی منصب امامت پر

فائز رہے۔ اور ان کے بعد ان کے چھوٹے بھائی حضرت حسین[۳]۔ پھر ان کے بعد کے بعد کے بیٹے ان کے بیٹے حضرت علی بن الحسین[۴] (امام زین العابدین) ان کے بعد ان کے بیٹے محمد[۵] بن علی (امام باقر) ان کے بعد کے ان کے بیٹے جعفر[۶] صادق ان کے بعد کے بیٹے ان کے بیٹے موسیٰ[۷] کاظم ان کے بعد کے بیٹے ان کے بیٹے علی[۸] بن موسیٰ رضا ان کے بعد کے بیٹے ان کے بیٹے محمد[۹] بن علی تقی۔ ان کے بعد کے بیٹے بارہویں اور آخری امام محمد[۱۲] بن الحسن (امام غائب مہدی) جو شیعی عقیدے کے مطابق اب سے قریباً ساڑھے گیارہ سو سال پہلے ۲۵۵ھ یا ۲۵۶ھ میں پیدا ہو کر ۴ یا ۵ سال کی عمر میں معجزانہ طور پر غائب ہو گئے اور اب تک زندہ ایک غار میں روپوش ہیں۔ ان پر امامت کا سلسلہ ختم ہو گیا[۱]

اور چونکہ شیعی عقیدہ کے مطابق دنیا میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر اور نامزد زندہ امام کا رہنا ضروری ہے۔ جو بندوں کے لئے اللہ کی حجت ہو اور یہ اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری ہے۔ اس لیے وہ قیامت تک زندہ رہیں گے اور قیامت سے پہلے کسی وقت غار سے برآمد اور ظاہر ہوں گے اور اپنے ساتھ وہ اصلی قرآن جو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مرتب فرمایا تھا (جو موجودہ قرآن سے مختلف ہے) اور مصحف فاطمہ وغیرہ بندوں کی ہدایت کا وہ سارا سامان اور علوم کا وہ سارا خزانہ الجفر اور الجامعۃ وغیرہ جو ان سے پہلے تمام آئمہ سے وراثتاً ان کو ملا تھا وہ ساتھ لے کر آئیں گے۔

شیعہ اثنا عشریہ کے عقیدے اور ان کے آئمہ معصومین کے ارشادات کے مطابق جیسا کہ عرض کیا گیا یہ بارہ حضرات اللہ تعالیٰ کی طرف سے نامزد امام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصلی خلیفہ و جانشین تھے۔ یہ سب

---

[۱] یاد رہے کہ یہ اثنا عشری عقیدہ کا بیان ہے۔ تاریخی شہادت اور تحقیقی بات یہ ہے کہ حسن بن علی عسکری کا کوئی بیٹا پیدا ہی نہیں ہوا۔ ان کے حقیقی بھائی جعفر بن علی کا یہی بیان ہے اور اسی وجہ سے حسن بن علی کی میراث انہی کو ملی تھی۔

نبیوں رسولوں کی طرح معصوم تھے۔ ان کی اطاعت اسی طرح فرض تھی اور فرض ہے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے سب نبیوں اور رسولوں کی اطاعت ان کے امتیوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرض کی گئی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ ائمہ ہی بندوں پر اللہ کی حجت ہیں۔ ان کا مقام اور درجہ یہ ہے کہ دنیا انہی کے دم سے قائم ہے، اگر ذرا سے وقت کے لیے بھی یہ دنیا امام سے خالی ہو جائے تو زمین دھنس جائے اور یہ ساری کائنات فنا ہو جائے۔ یہ سب ائمہ صاحب معجزات تھے، ان کے پاس اسی طرح ملائکہ آتے تھے جس طرح انبیاء علیہم السلام کے پاس آیا کرتے۔ ان کو معراج بھی ہوتی تھی۔ ان پر اللہ کی طرف سے کتابیں بھی نازل ہوتی تھیں۔

ناظرین:۔ تین حوالہ جات اوپر پہلے تحریر کئے ہیں۔ چند اب نیچے تحریر کریں گے۔ ہم ان حوالہ جات کو فقط تحریر ہی کریں گے۔ ان پر بحث نہیں کریں گے۔ انشاء اللہ بحث کسی اور تصنیف میں ہوگی اگر ہم ان حوالہ جات کو ایمان کا جزء سمجھیں تو شاید ہی ہمارا ایمان سلامت رہے

اماموں کو پہچاننا اور ماننا شرط ایمان ہے۔

اسی اصول کافی میں ایک باب کا عنوان ہے۔ باب معرفة الامامه والرد الیه۔ اس باب میں ایک روایت ہے۔

عن احدهما انه قال	امام باقر امام جعفر صادق
لایکون العبد مومنا	سے روایت ہے انہوں نے
حتی یعرف الله و	فرمایا کہ کوئی بندہ مومن نہیں
رسوله والائمة	ہو سکتا جب تک وہ اللہ اور
کلهم وامام زمانه	اس کے رسول کی اور تمام
(اصول کافی صفحہ ۱۱۵)	ائمہ اور خاص کر اپنے زمانہ

کے امام کی معرفت حاصل نہ ہو۔

امامت اور اماموں پر ایمان لانے کا اور اس کی تبلیغ کا حکم سب پیغمبر اور سب آسمانی کتابوں ذریعہ آیا ہے۔

اصول کافی ہی امام جعفر صادق سے روایت ہے۔

قال ولایتنا ولایۃ اللہ التی لم یبعث نبی قط الابھا۔ (اصول کافی ص۲۷۶)	آپ نے فرمایا ہماری ولایت (یعنی بندوں پر اور مخلوق پر ہماری حاکمیت) بعینہٖ اللہ تعالیٰ کی ولایت وحاکمیت ہے۔ جو نبی بھی اللہ کی طرف سے بھیجا گیا وہ اس کا اور اس کی تبلیغ کا حکم لے کر بھیجا گیا۔

آگے اسی صفحہ پر امام جعفر صادق کے صاحبزادے نے ساتویں امام ابوالحسن موسیٰ کاظم سے روایت ہے۔

قال ولایۃ علیؑ مکتوبۃ فی جمیع صحف الانبیاء ولن یبعث اللہ رسولہ الا بنبوۃ محمد صلی اللہ علیہ والہ والہ وصیۃ علی علیہ السلام (اصول کافی ص۲۷۶)	آپ نے فرمایا کہ علی علیہ السلام کی ولایت (یعنی امامت وحاکمیت، کا مسئلہ انبیاء علیہم السلام کے تمام صحیفوں میں لکھا ہوا ہے اور اللہ نے کوئی ایسا رسول نہیں بھیجا جو محمد صلی

اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے
پر اور علی علیہم السلام
کے وحی ہونے پہ ایمان
لانے کا حکم نہ لایا ہو اور
اُس نے اس کی تبلیغ نہ
کی ہو۔

اللہ اور اس کے رسولوں کے ساتھ جس منزل من اللہ نور پہ ایمان لانے کا حکم قرآن میں دیا گیا ہے اس سے مراد آئمہ ہیں۔

اصول کافی میں ایک باب ہے۔ ان الائمۃ نور اللہ عزوجل
اس باب کی پہلی روایت ہے۔

عن ابی خالد الکابلی
سألت ابا جعفر عن
قول اللہ عزوجل
آمنوا باللہ ورسلہ
والنور الذی انزلنا
فقال یا ابا خالد
النور واللہ الائمۃ
(اصول کافی ص۱۱۰)

ابو خالد کابلی سے روایت
ہے کہ میں نے امام باقر
سے اس آیت کے بارہ
میں دریافت کیا "آمنو
باللہ ورسلہ والنور الذی
انزلنا (ایمان لاؤ اللہ
پر اور اس کے رسولوں
پر اور اس نور پہ جو ہم
نے نازل کیا ہے ۔ ۔ ۔)
تو امام نے فرمایا کہ اے
ابو خالد خدا کی قسم اس
نور سے مراد آئمہ ہیں۔

قرآن مجید میں جہاں جہاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کئے جانے والے نور کا ذکر ہے

قرآن مجید میں جہاں جہاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کیے جانے والے نور کا ذکر ہے۔ ساری امت کے نزدیک اور ہر شخص کے نزدیک جس کو عربی زبان کی شدبد بھی ہو اس سے مراد قرآن پاک ہے جو منزل من اللہ نور ہدایت ہے اور اللہ و رسول کے ساتھ اس پر بھی ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے (ان تمام آیتوں کا سیاق سباق بھی یہی بتلاتا ہے) لیکن شیعی روایات میں امام باقر، امام جعفر صادق اور امام موسیٰ کاظم سب سے یہی نقل کیا گیا ہے کہ ان آیتوں میں "نور من اللہ" سے قرآن نہیں۔ بلکہ شیعہ حضرات کے بارہ امام مراد ہیں۔ اور اللہ و رسول کے ساتھ ان ہی پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے۔

اماموں کی اطاعت فرض ہے۔

اسی اصول کافی کتاب الحجۃ کے ایک باب کا عنوان ہے "باب فرض طاعۃ الائمۃ" اسی باب کی ایک روایت ہے۔

عن ابی الصباح قال	ابوالصباح سے روایت
اشھد انی سمعت ابا	ہے انہوں نے کہا میں
عبد اللہ یقول اشھد	شہادت دیتا ہوں کہ میں
ان علیا امام فرض اللہ	نے امام جعفر صادق سے
طاعتہ، وان الحسن اماما	سا وہ فرماتے تھے کہ میں
فرض اللہ طاعتہ وان	شہادت دیتا ہوں کہ علی
علی بن الحسین امام	امام ہیں اللہ نے ان کی
فرض اللہ طاعتہ وان	اطاعت فرض کی ہے اور
محمد بن علی امام فرض	حسین امام ہیں اور اللہ

اﷲ طاعتہ
(اصول کافی ص۱۰۹)

نے ان کی اطاعت اللہ نے فرض کی ہے اور علی بن حسین (زین العابدین) امام ہیں ان کی اطاعت اللہ نے فرض کی ہے اور ان کے بیٹے محمد بن علی (امام باقر) امام ہیں اللہ نے ان کی اطاعت فرض کی ہے۔

نیز اصول کافی کے اس باب میں امام جعفر صادق ہی سے روایت ہے کہ فرماتے تھے۔

نحن الذین فرض اﷲ طاعتنا لا یسع الناس الا معرفتنا ولا یعذر الناس بجھالتنا من عرفنا کان مومنا ومن انکرنا کان کافرا ومن لم یعرفنا ولم ینکرنا کان ضالا حتی یرجع الی الھدی الذی افترض اﷲ علیہ من طاعتنا الواجبۃ (اصول کافی ص۱۱۱)	ہم وہ ہیں کہ اللہ نے ہماری اطاعت فرض کی ہے۔ سب لوگوں کے لیے ہم کو پہچاننا اور ماننا ضروری ہے ہمارے بارے میں ناواقفیت کی وجہ سے لوگ معذور قرار نہیں دیئے جائیں گے۔ جو ہم کو پہچانتا اور مانتا ہے وہ مومن ہے اور جو ان کا اقرار کرتا ہے وہ کافر ہے اور جو ہم کو نہیں پہچانتا اور مانتا

اور انکار بھی نہیں کرتا وہ
گمراہ ہے۔ یہاں تک کہ وہ
راہ راست پہ آجائے اور
ہماری وہ اطاعت قبول
کرے جو فرض ہے۔

اسی مضمون کی ایک روایت امام جعفر صادق کے والد ماجد امام باقر سے بھی روایت کی گئی ہے اس کے آخر میں ہے کہ امام باقر نے امامت اور ان کی اطاعت کی فرضیت کا بیان کرنے کے بعد فرمایا۔ ھذا دین اللہ و دین ملئکۃ (یہی اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا دین ہے۔) (اصول کافی ص۱۱۱)

ائمہ کی اطاعت رسولوں ہی کی طرح فرض ہے

عن ابی الحسن العطار قال سمعت اباعبداللہ یقول اشرک بین الا وصیاء والرسل فی الطاعۃ۔
(اصول کافی ص۱۱۰)

ابوالحسن عطار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق سے سنا فرماتے تھے کہ اوصیاء (یعنی ائمہ) کو اطاعت میں رسولوں کے ساتھ شریک کرو۔ (یعنی جس طرح رسولوں کی اطاعت فرض ہے اسی طرح اماموں کی اطاعت فرض سمجھو۔)

اصول کافی کے شارح علامہ قزوینی نے روایت کی شرح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "اشرک" امر کا صیغہ بھی ہو سکتا ہے اور ماضی مجہول واحد غائب کا صیغہ بھی ہو سکتا ہے دونوں صورتوں میں حاصل

مطلب وہی ہوگا جو ترجمہ میں لکھا گیا ہے۔

(الصافی شرح اصول کافی جزء سوم حصہ اوّل ص۵۹)

ائمہ انبیاء علیہم السلام کی طرح معصوم ہوتے ہیں۔

اصول کافی میں ایک باب ہے "باب نادر جامع فی فضل الامام وصفاتہ" اس باب میں آٹھویں امام علی بن موسیٰ رضا علیہم السلام کا ایک طویل خطبہ ہے اس میں آئمہ کے فضائل وخصائص بیان کرتے ہوئے بار بار ان کی معصومیت کی تصریح کی گئی ہے۔

ایک جگہ فرمایا گیا ہے۔

"الامام المطھر من الذنوب والمبرء من العیوب"

امام ہر طرح کے گناہوں اور عیوب سے پاک اور مبراء ہوتا ہے۔

آگے اسی خطبہ میں امام کے بارے میں ہے۔

فھو معصوم مؤیدٌ، موفق مسدد قد امن من الخطاء والزلل والعثار یخصہ اللہ بذلک لیکون حجۃ علی عبادہٖ وشاھدہٗ علی خلقہ

(اصول کافی ص۱۲۱، ۱۲۲)

وہ معصوم ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کی خاص تائید وتوفیق اس کے ساتھ ہوتی ہے" اللہ اس کو سیدھا رکھتا ہے وہ غلطی بھول چوک اور لغزش سے محفوظ و مامون ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ معصومیت کی اس نعمت کے ساتھ اس کو مخصوص کرتا ہے تاکہ وہ اس کے

بندوں پر اس کی حجت ہو
اور اس کی مخلوق پر شاہد
ہو۔

اماموں کا حمل ماؤں کے رحم میں نہیں بلکہ پہلو میں قائم ہوتا ہے اور وہ ان کی ران سے پیدا ہوتے ہیں۔

علامہ مجلسی نے "حق الیقین" میں گیارھویں امام حسن عسکری سے روایت کیا کہ آپ نے بیان فرمایا کہ:۔

حمل ما اوصیائے پیغمبراں در شکم نمی باشد در پہلوے باشد واز رحم بیرون نمی آئیم بلکہ از ران مادران فرود مے آئیم زیراکہ ما نور خدائے تعالیٰ ایم وچرک وکثافت ونجاست را از ما دور گردانیدہ است (حق الیقین ص۱۳۶ طبع ایران)

ہم اوصیاں پیغمبران (یعنی ائمہ کا حمل ماؤں کے پیٹ یعنی رحم میں قرار نہیں پاتا بلکہ پہلو میں ہوتا ہے اور ہم رحم سے باہر نہیں آتے بلکہ ماؤں کی رانوں سے پیدا ہوتے ہیں کیوں کہ ہم خداوند تعالیٰ کا نور ہیں۔ لہذا ہم کو گندگی، اور غلاظت ونجاست سے دور رکھا جاتا ہے۔

قارئین اندازہ لگائیں کہ مذہب شیعہ نے آئمہ کی اتنی فضول اور جھوٹی تعریف کرکے انبیاء کی کتنی بڑی توہین کی ہے۔ اس سے آپ خود اندازہ لگائیں۔ اس ابھرتے ہوئے ناسور کو دبانے کی کوشش کریں۔ اس صورت میں ہی ہمارا ایمان زندہ اور سلامت رہ سکتا ہے۔ ایک اور توہین آمیز حوالہ جس نے نبوت کی توہین کرنے میں کوئی کسر نہیں

چھوڑی۔ (تڑپ جاؤ)

امامت کا درجہ نبوت سے بالاتر ہے

انہی علامہ باقر مجلسی نے اپنی تصنیف حیات القلوب میں لکھا ہے۔

امامت بالاتر از رتبہ پیغمبری است	امامت کا درجہ نبوت اور پیغمبری کا سے بالاتر ہے۔

(حیات القلوب جلد سوم ص۱۰)

آئمہ کا درجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برابر اور ساری مخلوق اور دوسرے تمام انبیاء علیہم السلام سے بھی برتر اور بالاتر

اصول کافی کتاب الحجۃ میں امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ اور ان کے بعد کے ائمہ کی فضیلت اور درجہ و مرتبہ کے بیان میں امام جعفر صادق کا ایک طویل ارشاد نقل کیا گیا ہے اس کا ابتدائی حصہ یہ ہے۔

ماجاء بہ علی اٰخذ بہ	جو عمل علی لائے ہیں ان پر
و ما نھی عنہ انتھی	عمل کرتا ہوں اور جس
عنہ یجری لہ من الفضل	چیز سے انہوں نے منع
مثل ما جری لمحمد	کیا ہے اس کو نہیں کرتا
، و لمحمد الفضل علی	اس سے باز رہتا ہوں،
جمیع خلق اللہ عز	ان کی فضیلت مثل اس کے
وجل المتعقب علیہ	ہے جو محمدؐ کو حاصل
فی شئی من احکامہ کا	ہے اور محمدؐ کو فضیلت
المتعقب علی اللہ وعلی	حاصل ہے اللہ کی تمام مخلوق

ورسوله والراد علیه فی صغیرة او کبیرة علی احد الشرك بالله ، کان امیرالمومنین باب الله الذی لا یوتی الا منه وسبیله الذی من سلك بغیره یهلك وکذالك جری لائمة الهدی واحد بعد واحد۔

پر ان کے (یعنی علیؑ کے) کسی حکم پر اعتراض کرنے والا ایسا ہی ہے جیسا کہ کہ اللہ اور اس کے رسول پر اعتراض کرتے والا۔ اور کسی چھوٹی یا بڑی بات میں ان پر رد و انکار کرنے والا اللہ کے ساتھ شریک کرتے کے درجہ پر ہے۔ امیرالمومنین اللہ کا وہ دروازہ تھے کہ ان کے سوا کسی اور دروازہ سے اللہ کا وہ راستہ تھے کہ جو کوئی اس کے سوا کسی دوسرے راستہ پر چلا وہ ہلاک ہو جائے گا اور اسی طرح تمام آئمہ ہدیٰ کے لیے فضیلت جاری ہے ایک کے بعد ایک کے لئے (یعنی سب کا یہی درجہ اور یہی مقام و مرتبہ ہے)

امیرالمومنین کا ارشاد کہ تمام فرشتوں اور تمام پیغمبروں نے میرے لئے اسی طرح اور اقرار کیا جس طرح محمدؐ کے لئے کیا تھا۔ اور میں ہی لوگوں کو جنت اور دوزخ میں بھیجنے والا ہوں

اس مندرجہ بالا روایت میں آگے ہے کہ

وکان امیرالمومنین کثیراً ما یقول انا قسیم اللہ بین الجنۃ والنار وانا صاحب العصا والمیسم ولقد اقرت لی جمیع الملئکۃ والروح والرسل مثل ما اقروا بہ لمحمد۔ (اصول کافی ص۱۱۷)	امیرالمومنین اکثر فرمایا کرتے تھے کہ میں اللہ کی طرف سے جنت اور دوزخ کے درمیان تقسیم کرنے والا ہوں (یعنی میں لوگوں کو جنت اور دوزخ میں بھیجوں گا) اور میرے پاس عصائے موسیٰ اور خاتم سلیمان ہے اور میرے لیے تمام فرشتوں نے اور الروح نے بھی (جو جبرئیل امین اور تمام فرشتوں سے عظیم اور بالاتر ایک مخلوق ہے) اور تمام رسول نے۔ اسی

طرح اقرار کیا جیسا اقرار
انہوں نے محمدؐ کے
لیے کیا تھا۔

آئمہ کو ماکان و مایکون کا علم حاصل تھا، اور وہ علم میں حضرت موسیٰ جیسے جلیل القدر پیغمبر سے بھی فائق تھے۔

اصول کافی میں ایک باب جس کا عنوان ہے "ان الائمۃ علیہم السلام یعلمون ماکان و مایکون وانہ لا یخفی علیہم شئی صلوٰت اللہ علیہم" (یعنی ائمہ کو ماکان و مایکون کا علم ہوتا ہے اور کوئی چیز بھی ان کی نگاہ سے اوجھل نہیں ہوتی) اس باب کی پہلی روایت ہے کہ امام جعفر نے اپنے خاص رازداروں کی ایک مجلس میں فرمایا کہ :۔

لو کنت بین موسیٰ و	اگر میں موسیٰ اور خضر
الخضر لاخبرتہما	کے درمیان ہوتا تو
انی اعلم منہما و لا	میں ان کو بتلاتا کہ میں
نبأتہما ما لیس فی	ان دونوں سے زیادہ علم
ایدیہما لان موسیٰ	رکھتا ہوں، اور ان کو
والخضر علیہما السلام	اس سے باخبر کرتا جو
اعطینا علم ماکان و	ان کے علم میں نہیں تھا
لم یعطیا علم ما	کیوں کہ موسیٰ اور خضر
یکون و ما ھو کائن	علیہا السلام کو صرف
حتی تقوم الساعۃ و	ماکان کا علم عطا ہوا تھا
قد ورثناہ من رسول	اور مایکون اور جو کچھ

اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم وراثۃً۔
(اصول کافی صفحہ ۱۴۰)

قیامت تک ہونے والا ہے۔ اس کا علم ان کو نہیں دیا گیا تھا اور ہم کو وہ علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے وراثۃً حاصل ہوا ہے۔

ائمہ کے پاس فرشتوں کی آمد و رفت رہتی ہے

اصول کافی میں ایک باب ہے "ان الائمہ معدن العلم و شجرۃ النبوۃ و مختلف الملائکۃ" ائمہ علم کا معدن (سرچشمہ) ہیں اور شجرۂ نبوت ہیں اور ان کے پاس ملائکہ کی آمد و رفت رہتی ہے۔
اس باب میں روایت ہے کہ امام جعفر صادق نے فرمایا۔

نحن شجرۃ النبوۃ و بیت الرحمۃ و مفاتیح الحکمۃ و معدن العلم و موضع الرسالۃ و مختلف الملائکۃ
(اصول کافی ص۱۳۵)

ہم لوگ نبوت کے درخت ہیں اور رحمت کے گھر ہیں اور حکمت کی کنجیاں ہیں اور علم کا خزانہ ہیں اور رسالت کی جگہ ہیں اور ہمارے پاس ملائکہ کی آمد و رفت رہتی ہے۔

ائمہ کو وہ سب علوم حاصل ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرشتوں اور نبیوں رسولوں کو عطا ہوئے ہیں اور اس کے علاوہ بہت سے ایسے علوم بھی جو نبیوں اور فرشتوں کو بھی عطا نہیں ہوئے

اصول کافی میں باب ہے ان الائمۃ علیھم السلام یعلمون جمیع العلوم التی خرجت الی الملائکۃ والانبیاء والرسل علیھم السلام (ص۱۵۶) (آئمہ علیہم السلام ان تمام علوم کے عالم ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرشتوں اور انبیاء و رسل علیہم السلام کو عطا ہوئے ہیں۔) اسی باب کی پہلی روایت ہے۔

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال ان للہ تبارک و تعالیٰ علمین علماً اظھرہ ملائکتہ وانبیاءہ ورسلہ فما اظھر علیہ ملائکتہ ورسلہ وانبیاءہ فقد علمناہ وعلماً استاثر بہ فاذا بدا اللہ فی شیء منہ اعلمنا ذالک وعرض علی الائمۃ الذین کانوا من قبلنا۔

امام جعفر صادق سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دو قسم کے علم ہیں ایک قسم ان علوم کی ہے جن کی اطلاع اس نے اپنے فرشتوں اور نبیوں اور رسولوں کو دی ہے تو ان کی اطلاع اور اللہ تعالیٰ کے علم کی دوسری قسم وہ ہے جس کو اس نے اپنے لیے خاص کرایا ہے۔ (یعنی نبیوں اور

رسولوں اور فرشتوں کو
بھی اس کی اطلاع نہیں
دی ہے) تو جب اللہ
تعالیٰ اپنے اس خاص علم
میں سے کسی چیز کو شروع
کرتا ہے تو ہم کو اس
کی اطلاع دے دیتا
ہے اور جو ائمہ ہم سے
پہلے گذر چکے ہیں، ان
پر بھی اس کو پیش کر
دیتا ہے۔

ائمہ اپنی موت کا وقت بھی جانتے ہیں اور ان کی موت ان کے اختیار میں ہوتی ہے

اصول کافی میں باب ہے جس کا عنوان ہے " ان الائمۃ علیہم السلام یعلمون متی یموتون وانہم لا یموتون الا باختیار منہم (ص۱۵۸) آئمہ علیہم السلام جانتے ہیں کہ کب ان کی وفات ہوگی، اور ان کی وفات ان کے اپنے اختیار ہی سے ہوتی ہے۔

اس باب میں جو روایتیں ائمہ سے نقل کی گئی ہیں ان کا حاصل یہی ہے البتہ اس باب کی آخری روایت شیعہ حضرات کے لیے خاص طور سے قبل غور ہے اس لیے یہاں نقل کی جاتی ہے۔

عن ابی جعفر علیہ السلام قال انزل اللہ عزو	امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ اللہ عزوجل

جل النصر علی الحسین علیہ السلام حتی کان بین السماء والارض کم خیر النصر و لقاء فاختار لقاء اللہ عز وجل (اصول کافی ص ۱۵۹)	نے (کربلا میں) حسین علیہ السلام کے لیے آسمان سے مدد (ملائکہ کی فوج) بھیجی تھی وہ آسمان اور زمین کے درمیان آگئی تھی۔ پھر اللہ نے حسینؑ کو اختیار دیا کہ وہ خدا کی (آسمانی فوج) کی مدد قبول کریں اور اس سے کام لیں۔

اب آخری حوالہ سامعین کے پیش نظر ہے حوالہ جات تو اور بھی بہت زیادہ تحریر کر سکتا ہوں مگر اب تو یہ سمجھتا ہوں کہ اس قدر میں زخمی دل ہو گیا ہوں۔ مجھ میں اب دیگر حوالہ جات کی سکت اور ہمت نہیں رہی۔ آپ نے خود محسوس کیا ہو گا کہ مذہب شیعہ تو صرف خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ کا ہی صرف دشمن ہے۔ درج ذیل حوالے نے تو بالکل میرے رونگٹے ٹکڑے کر دیے کہ خدا تعالیٰ اس قدر توہین جو دو نوں جہانوں کا مالک اور رب العالمین ہے اور مالک و مختار ہے۔

کہنے کو تو بہت کچھ دل چاہتا ہے لیکن جبراً یہ حوالہ تحریر کر رہا ہوں قارئین ملاحظہ فرمائیے۔

اصول کافی کتاب الحجہ میں ایک باب ہے" باب ان الارض کلہا للامام علیہ السلام (یعنی ساری زمین امام علیہ السلام کی ملکیت ہے) اس باب میں جناب ابوبصیر سے روایت ہے کہ میرے ایک سوال کے جواب

میں امام جعفر صادقؒ نے فرمایا۔

اما علمت ان الدنیا و	کیا تم کو یہ بات معلوم نہیں
الآخرۃ للامام	کہ دنیا و آخرت سب امام
یضعھا حیث شاء و	کی ملکیت ہے وہ جس کو
یدفعھا الی من یشاء	چاہیں دے دیں اور
(اصول کافی ص۲۵۹)	عطا فرما دیں۔

قارئین اب یہ باب ختم ہوتا ہے۔ محض اس کا مقصد سنیوں کو آگاہ کرنا تھا نہ کہ اور ایک بات ذہن نشین کر لیں جن ائمہ کی طرف یہ روایات منسوب کی گئی ہیں۔ انہوں نے یہ باتیں بالکل نہیں کیں۔ ان کے ذمہ یہ باتیں لگا کر انہیں بدنام کرنے کے سوا اور کوئی کام نہیں۔ یہ کام شیعہ مذہب کے علماء نے کیا ہے۔ جو اسلام کے دشمن تھے۔ اب ان حوالہ جات کو ذہن میں رکھ کر حق کا راستہ متعین کریں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو صراط مستقیم پہ چلائے (آمین)

ماتم حرام ہونے کی دلیلیں

معزز ناظرین :- آفتاب رسالت کے طلوع ہونے سے پہلے یعنی زمانہ جاہلیت میں زنا۔ شراب۔ قتل وغیرہ کی طرح ماتم کا بھی رواج بہت تھا۔ بڑے بڑے آدمیوں کی موت پر بھی کبھی مدت تک ماتم ہوتا رہتا تھا۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آکر صبر کی تلقین فرمائی اور اس قبیح رسم کو ادا کرنے سے ہمیشہ کے لیئے منع فرمایا۔ لیکن آج جاہلیت کی اس قبیح رسم کو بعض نام نہاد مسلم عبادت اور کار خیر سمجھنے لگے۔ کتاب میں اس باب کا اس لیے اضافہ کیا ہے کہ ہر کلمہ گو یہ سمجھ سکے کہ ماتم۔ نوحہ۔ بین۔ سیاہ لباس و چیخ کر رونا پیٹنا بدترین فعل ہے اور بہت بڑا گناہ ہے حضرت رسول اکرمؐ اور ابو الائمہ امیر المومنین حضرت علیؓ حضرت حسنؓ حضرت حسینؓ۔ حضرت امام زین العابدینؒ اور جملہ آئمہ اہل بیت اکرام نے ماتم وغیرہ کرنے اور اس کی مجلسوں میں شریک ہونے سے منع فرمایا۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو حق سمجھنے کی اور اس پر عمل کرنے کی توفیق دے (آمین)

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ایک سو مقام پر صبر کرنے کا حکم

دیا۔ صبر نہ کرنے پر عذاب دینے کی وعید سنائی ہے صبر نہ کرنے والوں کی مذمت کی ہے اور صبر کرنے والوں کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔

معزز قارئین ۔ اللہ تعالیٰ نے ایک سو مقام پر صبر کی تلقین فرمائی ہے۔ اس کے مقابلے میں اگر کوئی ماتمی سیاپے کا شیدائی اور کوئی سیہ کار لباس کا شیدائی صرف ایک ہی آیت ماتم و سیاہ لباس پہننا واویلا کے جواز میں پیش کر دے تو منہ مانگا انعام پائے۔

اب میں ماتم وغیرہ رسومات جہالت کے متعلق قرآن مجید کی آیتیں حضور پاک کی حدیثیں اور آئمہ کرام کے ارشادات پیش کرتا ہوں۔ تاکہ حقائق کو سمجھنے میں آسانی ہو اور کتاب پڑھنے والا آسانی سے میری بات کو سمجھ سکے۔

محمود اقبال

١- وَبَشِّرِ الصّٰبِرِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِیْبَةٌ قَالُوْآ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ط اُولٰٓئِكَ عَلَیْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ط (البقرۃ پ۲)

اور ان لوگوں کو بشارت اور خوش خبری دیجیے جو مصیبت کے وقت صبر کرتے ہیں اور اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ط کہتے ہیں یہی لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی خصوصی عنایات اور رحمتیں ہیں اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے واضح فرمایا کہ صبر کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور عنایتیں ہیں اور ہدایت یافتہ صرف یہی لوگ ہیں یعنی بے صبر کرنے والے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور ہدایت سے محروم ہیں۔

٢- وَاِنْ تَصْبِرُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ ط (پ۴)

اور یہ کہ صبر کرتے رہو تو تمہارے لئے یہ بہتر ہے۔

٣- وَاللّٰهُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ ه (پ۴)

اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتے ہیں۔

٤- وَالصّٰبِرِیْنَ فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِیْنَ الْبَاْسِ ط اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ه (پ۲)

صبر کرنے والے مصیبت اور تنگی میں اور جہاد کے وقت یہی لوگ ہیں جو سچے ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں۔

اس آیت شریفہ میں ان لوگوں کے غلط خیال اور باطل عقیدہ

کی تردید سے جو یہ کہتے ہیں کہ قرآن شریف میں صبر کرنے کا جو حکم ہے وہ جنگ وجہاد میں مضبوط رہنے کے معنی میں ہے۔ مگر یہاں مصیبت اور سختی میں صبر کرنے والوں کو اور جہاد میں صبر کرنے والوں کو جدا جدا ذکر کیا گیا ہے۔

اسی طرح قرآن پاک میں متعدد مقامات پر صبر کرنے کے متعلق بیان فرمایا ہے۔

احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں نوحہ اور بین کی تردید:-

۱۔ من لم یرض بقضائی ولم یصبر علیٰ بلائی فلیخرج من تحت سمائی ولیطلب ربّاً سوائی۔

جو شخص میرے فیصلہ اور تقدیر پر راضی نہیں اور میری بھیجی ہوئی مصیبت پر صبر نہیں کرتا تو وہ میرے آسمان کے نیچے سے نکل کر کوئی اور رب میرے سوا تلاش کرے۔

۲۔ لعن اللہ النائحۃ والمستمعۃ۔

اللہ تعالیٰ نوحہ کرنے والی اور نوحہ سننے والی کو لعنت کرتے ہیں۔

۳۔ لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النائحۃ۔

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوحہ کرنے والوں کو لعنت فرمائی تھی۔

۴۔ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:-

لیس منا من ضرب ... وہ ہم میں سے نہیں جو کہ

الخدود وشق	چہرے پر تھپڑ مارے اور
الجیوب ودعا بدعوی	گریبان پھاڑے کفر
الجاھلیۃ۔	کے جاہلانہ طریقہ پر آہ
	وفغاں اور واویلا کرے

۵۔ نیز حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ان المیت لیعذب	تحقیق میت کو اس کے
ببکاء اھلہ علیہ۔	اہل وعیال کے رونے
	پیٹنے کے سبب عذاب
	دیا جاتا ہے۔
۶۔ لیس منا من ضرب	جو شخص مصیبت کے
الخدود وشق	وقت چہرہ پر ہاتھ مار کر
الجیوب ودعی	پیٹے اور کپڑے پھاڑے
بدعوی الجاھلیۃ۔	وہ میری امت سے نہیں۔
۷۔ لعن رسول اللہ صلی	رسولؐ نے نوحہ۔ ماتم کرنے
اللہ علیہ وآلہ وسلم	والے اور ماتم کی مجلس
النائحۃ والمستمعۃ۔	میں ثواب کی نیت کے
(مشکوۃ شریف)	ساتھ شریک ہونے والوں
	اور ماتم سننے والوں پر
	لعنت کی ہے۔

حرمت ماتم کی دلیل حضرت امام باقرؑ کا فرمان ثانی

عن ابی جعفر قال قلت	حضرت امام باقر نے فرمایا
ما الجزع قال اشد	کہ واویلا کرنا۔ چیخنا چلانا
الجزع الصراخ	چہرہ اور سینہ پر پیٹنا

بالويل والعويل و
لطم الوجه والصدر
وجز الشعر ومن
اقام النوائحة فقد
ترك الصبر واخذ
في غير طريقة ومن صبر
واسترجع رحمة الله
فقد اوقع اجره على الله
ومن لم يفعل ذالك
احبط الله اجره رضي
بما صنع الله فقد ط
(حيات القلوب)

ہاں نوحہ نہایت سخت بے
صبری ہے اور جس شخص
نے بے صبری یعنی نوحہ
ماتم کرنے والوں کو بلایا
اس نے دین اسلام کو
چھوڑ کر بے دینی اور
گمراہی کا راستہ اختیار
کیا اور جس نے صبر
کیا اور اللہ کی تقدیر پر
راضی رہا اس نے
اجر پایا اور جو صبر نہ کرے
گا اس کے عمل ضائع
اور برباد ہو گئے۔

سوگ کی مدت اور حضرت امام جعفر صادق کا فتوے

قال الصادق ليس لاحد
ان يحد اكثر من ثلثة
ايام الا المعدوة على
زوجها حتى تنقضي
عدتها حتى۔

حضرت امام جعفر نے فرمایا
کہ کسی کلمہ گو کو اجازت
نہیں کہ تین دن سے زیادہ
عرصہ تک موت کا سوگ
کرے ہاں عورت اپنے
خاوند کی موت پہ چار
مہینے دس دن سوگ کر
سکتی ہے۔ یعنی کنگھی۔
سرمہ۔ پٹی ہار سنگھار عمدہ

لباس وغیرہ چھوڑ سکتی ہے۔

شیعو! کیا تمہارے حساب سے حضرت امامؑ کی شہادت کو ابھی تک تین دن نہیں ہوئے۔

ماتم وغیرہ کی حرمت پر حضرت خاتم الانبیاء المرسلین کا فرمان

حضرت رسول اکرمؐ کی چچا زاد بہن عکرمہ کی بیوی جس کا نام اُم حکیم تھا اُس نے پوچھا یا رسول اللہ سورۃ ممتحنہ میں اللہ نے عورت کو حکم دیا ہے کہ معروف کی نافرمانی نہ کریں وہ معروف کیا چیز ہے کہ جس میں جناب کی نافرمانی سخت گناہ ہے آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس لفظ میں یہ حکم دیا ہے کہ عورتیں کسی موت پر اپنا منہ نہ پیٹیں۔ بالوں کو نہ نوچیں گریبان نہ پھاڑیں کپڑے کالے نہ کریں۔ بین اور واویلا نہ کریں۔

سیاہ لباس فرعون کا تھا
دوزخیوں کا لباس کالا تھا

سئل الصادق عن الصلوۃ فی القلنسوۃ السوداء فقال لا تصل فیھا فانھا لباس اھل النار وقال امیر المومنین فیما علم اصحابہ لا تلبسوا السواد فانہ لباس فرعون۔

حضرت امام صادق سے کسی مومن نے پوچھا کہ کالی ٹوپی پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے یا نہ تو امام نے فرمایا کہ کالے کپڑے پہن کر نماز نہ پڑھا کر کیوں کہ یہ لباس دوزخیوں کا ہے نیز آپ نے فرمایا کہ حضرت امیر

المومنین نے اپنے اصحاب
واحباب سے فرمایا کہ
سیاہ لباس نہ پہنا کرو
یہ فرعون کا لباس تھا۔

شیعہ حضرات کی معتبر کتابوں میں یہ سب کچھ موجود ہے اس کے باوجود یہ لوگ ماتم کیے جا رہے ہیں خدا کی عبادت سے بڑھ کر وہ ماتم کرنے کو ضروری سمجھتے ہیں گویا عبادت ان کے لیے ماتم حسینؓ ہے

تعزیہ بنانا شرک و کفر ہے

وقال امیر المومنین من جدد قبرا او مثل مثالا فقد خرج من الاسلام

امیر المومنین نے فرمایا کہ مصنوعی قبر یا روضہ کی شبیہ بنانا اور ایسا کرنے والا اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

حضرت جعفر صادق کا فرمان

عن ابی عبد اللہ قال رسول اللہ ضرب المسلم یدہ علی فخذہ عند المصیبۃ احباط لعملہ۔

حضرت جعفر صادق نے فرمایا کہ مصیبت کے وقت پیٹنے سے مومن کا اجر برباد ہو جاتا ہے۔

ماتمیوں کے وارثین کو جہنم میں ذلیل ہونے کی سزا

عن ابی عبد اللہ قال رسول اللہ صلی اللہ

حضرت جعفر سے روایت ہے کہ حضرت رسول اللہ

علیہ وسلم من اطاع امرءتہ اکبتہ اللہ تعالیٰ یوم القیامۃ علی وجہہ فی النار قیل وما تلک الطاعۃ قال ان تطلب الذھاب الی العرسات والنیاحۃ والثیاب الرقاق (فروع کافی جلد دوم ص ۲۴۲ مطبوعہ لکھنؤ)

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو لوگ اپنی بیویوں اور دوسری عورتوں کو ماتم نوحہ کی مجالس میں جانے کی اجازت دیتے ہیں اور باریک کپڑے سے منع نہیں کرتے ایسے لوگوں کو اوندھا ڈال کر اور کھینچ کر دوزخ میں پھینک دیا جائے گا۔

ماتم کرنے میں ایمان کی موت ہے۔

عن ابی عبد اللہ قال الصبر من الایمان بمنزلۃ الراس من الجسد فاذا ذھب الراس ذھب الجسد کذالک اذا ذھب الصبر ذھب الایمان ط (اصول کافی کتاب ایمان و الکفر باب الصبر ص ۴۷)

حضرت علی حضرت جعفر صادق اور حضرت زین العابدین نے فرمایا کہ صبر کا ایمان سے ایسا تعلق ہے جیسا سر کا تعلق جسد کے ساتھ جب جسم سر سے جدا ہو جائے تو جسم بے کار ہو جاتا ہے اسی طرح نوحہ ماتم وغیرہ بے صبری کرنے سے ایمان مر کر بے کار ہو جاتا ہے۔

حضرت علی کا فرمان کہ مجالس ماتم میں شرکت کرنا منع ہے

ان ابن ابی طالب قال	حضرت علیؓ سے روایت
نھی رسول اللہ عن	ہے کہ آنحضرتؐ نے ماتم
النیاحۃ والاستماع	نوحہ اور ایسی بری مجالس
الیھا۔ (من لایحضرہ الفقیہ جلد ۲ صفحہ ۲۲۶)	میں شرکت کو منع فرمایا۔

صبر کرنا انبیاء کی سنت ہے۔

قال علی رضی اللہ و	امام رضا نے فرمایا دشمنوں
ورثنا العفو عن آل	کو معاف کرنا ہمارا کام
یعقوب وورثنا	ہے ہمیں آل یعقوب سے
الصبر من آل ایوب	یہ ورثہ ملا ہے مصیبتوں
(فروع کافی جلد ۳ صفحہ ۱۴۴)	پر صبر کرنا ہمارا شیوا ہے
	یہ ورثہ ہمیں آل ایوب
	سے ملا ہے۔

صبر کرنے سے ہزار شہید کا ثواب ملتا ہے۔

قال ابو عبد اللہ لیس	امام رضا نے فرمایا کہ
احد من شیعتنا یبتلی	ہمارے شیعہ اگر مصیبت
ببلیۃ فیصبر علی	پر صبر کریں تو انہیں
ذالک الا کتب اللہ لہ	ایک ہزار شہید کا اجر
اجر الف شھید	ملے گا۔

(اصول کافی حصہ اول
کتاب الحجۃ صفحہ ۲۴۳)

وفات رسول اور حضرت علی کا عمل

آنحضرت کی وفات کے بعد حضرت علیؓ نے فرمایا یارسول اللہ اگر آپ نے ہمیں صبر کا حکم نہ فرمایا ہوتا تو ہم آج آنکھوں اور دماغ کا پانی رو رو کر پیٹا پیٹ کر خشک کر دیتے۔

(نہج البلاغت جلد اول ص۲۱۹)

حضرت علیؓ بن حسینؓ کا ارشاد

ترجمہ:۔ علی ابن حسین فرماتے ہیں کہ صبر کا ایمان سے وہی تعلق ہے جو سر کا جسم کے ساتھ جس نے صبر نہیں کیا اس کا ایمان نہیں۔ (اصول کافی ص۱۷۸۔ ج۔۱)

صبر کے متعلق حضرت علیؓ کا ارشاد

حضرت علی سے روایت ہے کہ صبر کا ایمان سے ایسا تعلق ہے جیسا کہ جسم کے ساتھ سر کا پس صبر چلا گیا ایمان بھی چلا گیا۔ (کنز العمال ص۱۵۳۔ ج۔۲) (بحوالہ منہاج التبلیغ جلد دوم)

تردید ماتم کی ایک اور حدیث

ترجمہ:۔ مہران بن محمد سے روایت ہے کہ حضرت جعفر نے فرمایا کہ کوئی آدمی مرجاتا ہے تو اللہ فرشتہ کو اس کے گھر والوں میں سے اس شخص کی طرف بھیجتا ہے جو ان میں سے سب سے زیادہ دکھ میں ہوتا ہے تو فرشتہ اس کے دل پہ ہاتھ پھیرتا ہے اور غم کی پریشانی اور قلق کو اس کے دل سے بھلا دیتا ہے اگر یہ نہ ہوتا تو دنیا آباد ہی نہ رہتی۔ (من لا یحضرہ الفقیہ)

یہی حدیث فروع کافی میں بھی ہے آخری جملہ کا ترجمہ ادیب اعظم نے یوں لکھا ہے کہ اگر ایسا نہ ہوتا تو دنیا آباد ہی نہ رہتی۔

ماتم کے متعلق امام باقر کا ارشاد

ترجمہ:۔ ۱۔ جابر شیعی کہتا ہے کہ میں نے حضرت امام باقرؑ سے پوچھا کہ جزع کیا ہے آپ نے فرمایا کہ چیخ مارنا ساتھ دین کے اور بلند آواز کے یعنی زبان سے واویلا کرنا اور شور مچانا اور منہ پر طمانچے مارنا اور چھاتی پیٹنا اور بال نوچنا پیشانی سے جس کسی نے نوحہ کیا اس نے صبر کو چھوڑا اور ہمارے طریقہ کے خلاف طریقہ اختیار کیا جس نے صبر کیا اور فقط انا للہ وانا الیہ راجعون کہا اور اللہ کی تعریف کی تو وہ تقدیر الٰہی پر راضی ہو گیا اور اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے جس نے ایسا نہ کیا بے صبری کی اس پر قضا الٰہی جاری ہو چکی ہے اور وہ ذلیل خوار ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے اجر کو ضائع کر دیتا ہے۔ (فروع کافی ص۲۲۸)

ترجمہ: ۲:۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو مصیبت کے وقت اپنا گریبان پھاڑے اور رخسارے پیٹے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ نوحہ کرنے والی اگر بلا توبہ کئے مر جائے تو قیامت میں ایسا لباس پہنے گی جو ذراسی آگ میں جل اٹھے گا۔ (مسلم)

۳۔ امام باقرؓ فرماتے ہیں کہ میت کے لیئے یوم موت سے صرف تین دن سوگ کرنا چاہیئے۔ (من لا یحضر الفقیہ ص۵۱)

۴۔ عمر بن مقدام سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن یا امام باقر علیہ السلام سے آیتہ وَلَا یَعۡصِیۡنَکَ فِیۡ مَعۡرُوۡفٍ کے بارے میں سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہؓ سے فرمایا کہ جب میری وفات ہو جائے تو میری معیت پر اپنا منہ نہ نوچنا۔ بال کھولنا۔ ویل اور ہلاکت نہ پکارنا اور مجھ پر نوحہ کرنے والی عورتوں کو جمع نہ کرنا پھر فرمایا کہ یہ معروف ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب

جیسا فرمایا ہے وَلَا یَعْصِیْنَکَ فِیْ مَعْرُوْفٍ۔ یعنی عورتیں نیکی میں رسولؐ کی نافرمانی نہ کریں (معانی الاخبار مطبوعہ ایران ص۱۱۱)

۵۔ تفسیر قمی میں لکھا ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح مکہ کے موقع پر عورتوں سے بیعت لی تو حارث بن عبدالمطلب کی بیٹی ام حکیم نے عرض کیا یا رسول اللہؐ جس معروف (نیکی) کا حکم دیا ہے کہ اس میں ہم آپ کی نافرمانی نہ کریں وہ کیا ہے تو آپ نے فرمایا کہ تم اپنا منہ نہ نوچو۔ بال نہ اکھاڑو گریبان چاک نہ کرو۔ سیاہ لباس نہ پہنو دیں اور ہلاکت نہ پکارو کسی کی قبر پہ نہ کھڑی ہولیں ان شرطوں پہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں سے بیعت لی

(تفسیر قمی جلد دوم ص۳۶۹)

ماتم کے متعلق امام جعفرؒ کا واضح بیان

۶۔ عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال لا ینبغی الصیاح علی المیت ولا شق الثیاب	امام جعفر صادقؒ نے فرمایا کہ میت پہ چیخ چیخ کر نہیں رونا چاہیئے اور نہ کپڑے پھاڑے جائیں۔

(شافی ترجمہ فروع کافی ص۱۸۷ ج۱)

۲۔ باسناد صحیح عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرب المسلم یدہ علی فخذہ عند المصیبۃ احباط لاجرہ	بسند صحیح امام جعفر صادقؒ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مسلمان مصیبت کے وقت بے صبری سے اپنی ران پہ ہاتھ مارے تو اس کا عمل نیک ضائع ہو

(فروغ کافی ص ۱۲۱ ج ۳) جاتا ہے اس پر اسے کوئی اجر نہیں ملتا۔

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نوحہ کرنے والی عورت کی آواز سے اللہ تعالیٰ کو سخت نفرت ہے۔

(تفسیر عمدۃ البیان شیعی ص ۲۴ ج ۳)

سنت یہ ہے کہ میت کے گھر میں تین دن تک کھانا بھیجا جائے تین روز سے زیادہ غم نہ کرنا چاہیئے مگر عورت اپنے شوہر کے واسطے چار ماہ دس روز تک سوگ رکھ سکتی ہے۔ (تحفۃ احمدیہ مطبوعہ مطبع بستان مرتضوی ص ۲۴ ج ۳)

لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم النائحۃ والمستمعۃ ط	رسول اللہ ؐ نے نوحہ کرنے نوحہ سننے والی پر دونوں پر لعنت کی ہے۔

معزز ناظرین:۔ ان معتبر شیعی کتب سے ثابت ہو گیا ہے کہ ماتم و نوحہ وغیرہ سب ناجائز ہے۔

امام جعفرؒ کا ماتم کے متعلق ایک اور ارشاد

امام جعفرؒ نے فرمایا کہ رونا پیٹنا۔ چیخنا بہتر نہیں ہے اور ناجائز ہے لیکن لوگ اسے جانتے نہیں حالانکہ صبر بہتر ہے۔ (شافی ترجمہ فروغ کافی ص ۱۸۱)

بوقت مصیبت امام جعفر صادقؒ کا عمل

راوی کہتا ہے کہ میں امام جعفر صادقؒ کی خدمت میں حاضر ہوا کہ گھر میں سے کسی کے زور زور سے رونے کی آواز آئی حضرت کھڑے پھر بیٹھ گئے اور انا للہ وانا الیہ راجعون کہا اور پھر اپنی بات بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم تو یہ پسند کرتے ہیں جو اللہ چاہتا ہے۔ (شافی ص ۱۸۸)

رد ماتم کی ایک اور حدیث

فرمایا امام باقرؒ نے جو بندہ مصیبت کے وقت انا للہ وانا الیہ راجعون

کہتا ہے اور صبر سے کام لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے پہلے گناہ معاف کر دیتا ہے اور جب کبھی ذکر مصیبت کے وقت انا للہ و انا الیہ راجعون کہتا ہے تو جتنے گناہ مصیبت اور صبر کے دوران ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان سب کو بخشش دیتا ہے۔ (شافی ترجمہ فروغ)

ماتم حرام ہے سیدہ فاطمہ کو رسول اللہ کی وصیت

ترجمہ :۔ امام محمد باقرؒ اور امام جعفر صادق نے رسول اکرمؐ سے حدیث بیان کی بوقت وفات آپ نے حضرت فاطمہؓ کو وصیت فرمائی کہ جب میں مر جاؤں تو میری موت پر اپنا چہرہ نہ پیٹنا۔ بال نہ نوچنا نوحہ و ماتم نہ کرنا اور نوحہ و ماتم کرنے والوں کو نہ بلانا اے فاطمہؓ صبر کرنا۔ (حیات القلوب مصنفہ ملا باقر مجلسی مطبوعہ نولکشور لکھنؤ ص۲۲۱ - ج ۲)

ماتم کرنے والے جہنم میں کتے کی شکل بن کر جائیں گے۔

ترجمہ :۔ پیغمبر اسلام نے فرمایا اے فاطمہؓ معراج کی رات کو میں نے ایک عورت کو جہنم میں دیکھا جس کی شکل کتے کی تھی اور عذاب کے فرشتے اس کے پچھلے راستے سے آگ داخل کر رہے تھے اور شعلے اس کے منہ سے نکل رہے تھے اور فرشتے اس کو آہنی گرزوں سے مار پیٹ رہے تھے۔ حضرت فاطمہؓ نے پوچھا ابا جان وہ عورت کون سا گناہ کرتی رہی تھی آپ نے فرمایا کہ نوحہ کرتی تھی۔

(حیات القلوب جلد دوم کتاب المعراج ص۳۵ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ)

انبیاء کرام کو ماتم سے تکلیف پہنچتی ہے

حضرت قرمود کہ جبر کتید خدا عقو کند ان | آنحضرت بیمار تھے لوگ رونے لگے تو آپؐ نے فرمایا کہ

شاد آزار مکنید مرا	صبر کرو اللہ تمہیں معاف
از گریہ و نالہ	کرے رو کر مجھے تکلیف
(جلاء العیون صفحہ ۳۷۹)	نہ دو۔

نوٹ:۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ رونے پیٹنے سے انبیاءؑ کو دکھ پہنچتا ہے گویا کہ رونے چلانے والے رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں اور قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللّٰهَ	جو لوگ اللہ اور رسولؐ کو
وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ	ایذاء پہنچاتے ہیں ان پر
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ	دونوں جہانوں پر
	لعنت برستی ہے۔

بہن کو وصیت

حضرت حسینؓ نے اپنی ہمشیرہ زینبؓ اور اہلبیتؓ سے فرمایا کہ میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ میرے بعد میرے غم میں تم اپنا گریبان نہ پھاڑنا منہ اور سینہ نہ پیٹنا۔ (ذبح عظیم صفحہ ۲۳۸)

ماتم کرنا بدکار لوگوں کا کام ہے۔

آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ قیامت تک میری امت میں یہ چار جاہلیت عادتیں جاری رہیں اور بدکار لوگ ایسے کرتے رہیں گے۔

۱۔ نسب پر فخر کرنا۔ ۲۔ نسبت پر طعن کرنا۔

۳۔ نوحہ اور ماتم کرنا۔ ۴۔ سیاپا کرنا۔

(حیات القلوب صفحہ ۸۳۱۔ ج۔ ۲)

عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں

اگر محرم کے دن غم جائز ہوتا تو پھر ہر سوموار کو بھی غم کرنا جائز ہوتا کیونکہ اسی روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رحلت فرمائی

تھی۔

جو لوگ شیعہ کی ہر مجلس کو رونق دیتے ہیں اور محرم کے دنوں میں غم اور دسویں کو ماتم و نوحہ کرتے ہیں اور ایسے عبادت سمجھتے ہیں ان کو اس سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔

ناظرین:۔

اس باب میں زیادہ تر شیعہ مذہب کی کتابوں۔ قرآن پاک احادیث اور انبیاء علیہ السلام کے نوحہ و ماتم اور صبر کے متعلق فرمودات پیش کئے گئے ہیں۔

اختصار کے پیش نظر کم حوالہ جات پر اکتفا کیا گیا ہے ورنہ اس موضوع پر ایک بہت بڑی کتاب ترتیب دی جا سکتی ہے اختصار کی اصل وجہ کم از کم صفحات پر زیادہ سے زیادہ مواد جمع کرنا ہے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس حقیر سی کوشش کو قبول فرما کر مقصد تحریر کو کامیابی سے ہمکنار فرمائیں اور تمام مسلمانوں کو اس کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق فرمائے۔ (آمین)

رافضیت کا کردار تاریخ کے آئینہ میں

آپ اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں
ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

ہم بھی اتنا ہو سکا کہ ہم نہ ہو عالم کا نظام
تم سمجھتے ہو کہ شاید قوت فریاد نہیں

۱۔ امت مسلمہ کے جدید علمائے دین نے بلکہ خود رافضیوں کے ائمہ مجتہدین نے رافضیوں کو صاف اور واضح طور پر سیدنا حسینؓ کا قاتل کہا ہے لیکن وہ تقیہ کر کے گیارہ صدیوں سے امت مسلمہ کو قاتل کہتے رہے اور ہمارے سادہ لوح مسلمان ان کے جھانسے میں آتے رہے۔

۲۔ انہیں بدترین دشمن اسلام اور کافر و مرتد بتایا ہے۔

حقیقت نفس الامری کے اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو ان پر مندرجہ ذیل تمام القاب و آداب صادق چسپاں ہوتے ہیں۔ یعنی وہ کافر بھی ہیں۔ مشرک بھی۔ منافق بھی۔ مرتد بھی اور زندیق بھی۔ اگر اس سے بڑھ کر کوئی اصطلاح ہو سکتی ہے تو وہ بھی ان پر بعینہ چسپاں ہوتی ہے۔ دراصل یہ بدترین دشمن اسلام ہیں اور درحقیقت ان کا کوئی مذہب نہیں ہے اگر ہے تو اسلام کو مٹانا اور مسلمان کو زیادہ سے زیادہ تکلیف دینا اور نقصان پہنچانا ہے جیسا کہ ان کے یہودی اسلاف ان کے کانوں میں پھونک چکے ہیں۔

اختصار کے ساتھ چند واقعات اور حقائق سے پردہ اٹھانے لگا ہوں

اگر لکھنے لگوں تو اس موضوع پر کئی کتب لکھی جا سکتی ہیں۔ بہر حال کوشش کی گئی ہے کہ اس مضمون سے آپ ہر بات سمجھ جائیں۔ اختصار کی اصل وجہ کم از کم الفاظ میں آپ تک زیادہ سے زیادہ مواد پہنچانا ہے۔

حضرت علیؓ کے عہد میں حالات نے اسلامی غزوات و فتوحات کی بجائے خانہ جنگی اور طوائف الملوکی کا رخ اختیار کر لیا۔ چنانچہ جمل۔ صفین اور نہروان نامی تین خطرناک اور اہل اسلام کے لیے تباہ کن جنگیں ہوئیں جن میں ایک لاکھ کے قریب مسلمان ایک دوسرے کے ہاتھوں قتل ہو گئے بالآخر حضرت علیؓ اپنے ہی گروہ کے عبدالرحمٰن بن ملجم نامی برادر کشی سے تنگ آئے ایک شخص کے قاتلانہ حملے سے شہید ہو گئے۔ یہ واقعہ رمضان المبارک سنہ ۴۰ ہجری کا ہے۔ چنانچہ والد کے انتقال کے بعد کوفہ میں آپؓ کے ہاتھ پر بیعت خلافت ہوئی۔ لیکن حضرت حسنؓ نے امت کی فلاح و اجتماعیت اور منافقوں کی ریشہ دوانیوں کے انسداد کے پیش نظر ضروری سمجھا کہ خلافت اسلامیہ کی بھاگ دوڑ حضرت معاویہؓ جیسے جری داعین اور قوی و منتظم شخص کے ہاتھ میں ہونی چاہیئے چنانچہ چھ ماہ بعد آپ نے حضرت معاویہؓ سے صلح کر کے ان کے ہاتھ پر بیعت خلافت کر لی اور اپنے زیر اثر علاقے ان کے حوالے کر دیئے۔

حضرت عثمانؓ کی شہادت کے بعد یہ پہلا موقعہ تھا کہ پوری مسلمان قوم نے آپس میں اختلافات مٹا کر ایک خلیفہ پر اجماع کیا اس لیے اس سال کو تاریخ میں عام الجماعۃ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

حضرت حسنؓ کے اس اقدام سردگی کے نتیجہ میں ان شتازشی لوگوں کی سرگرمیاں یکدم سرد پڑ گئیں جن کی سازش نے حضرت عمر فاروقؓ کا چراغ حیات گل کیا۔ جن کی منافقانہ جارحیت نے حضرت عثمان غنیؓ جیسے مشفق خلیفہ کو شہید کیا۔ جن کی عیارانہ فریب کاری نے حضرت علیؓ سے مدینۃ الرسولؐ چھڑوایا جن کی اسلام دشمن پالیسیوں نے جمل و صفین اور نہروان جیسی مسلمان کش جنگیں

بر پا کرائیں اور جن کی بدفطری و بدقماشی نے آخر کار سیدنا حضرت علیؓ جیسے بھولے بھالے اور قابلِ احترام صحابی کو اپنی ہوس کا نشانہ بنایا۔

حضرت معاویہؓ کے بیس سالہ دورِ خلافت میں یہ عجمی سازشی لوگ کئی بار حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کے پاس آئے اور فریب کاری کے قدیمی جال میں انہیں پھانسنا چاہا لیکن حضرت حسن و حسینؓ نے سختی کے ساتھ ان کی امیدیں خاک میں ملا دیں ۲۲ رجب ۶۰ھ ہجری کو سیدنا معاویہؓ کی وفات ہوگئی تو یہ پرانے شکاری کوفہ کی عجمی کمین گاہوں سے نکل کر پھر سرگرم عمل ہوگئے حضرت حسنؓ کا انتقال ہو چکا تھا۔ اس لیئے پرانے تعلقات و توقعات کی بنا پر کوفی سازشیوں نے حضرت حسینؓ کو تاکا اور ترغیب و تحریص کے خطوط بھیجنے شروع کر دیئے اسی دوران حضرت حسینؓ مدینہ منورہ سے مکہ تشریف لے آئے لیکن خطوط اور قاصدین کی آمد کا تانتا برابر جاری رہا تا آنکہ ابن کثیر کی روایت کے مطابق کوفے کے ساتھ تجربہ کار افراد پر مشتمل وفد نے آکر کچھ اس طرح ڈورے ڈالے کہ اب حضرت حسینؓ کو مجالِ انکار نہ رہی اور آخر کار آپ نے کوفہ جانے کا فیصلہ کر لیا جہاں کوفی وفود اور خطوط کی یقین دہانی کے مطابق بھاری تعداد میں لشکر تیار تھا بس آپ کے کوفہ جانے ہی کی دیر تھی کہ آپ وہاں پہنچیں اور عملاً آپ کی خلافت و حکومت قائم ہو جائے۔

حضرات صحابہؓ اور دیگر لوگوں کو جب معلوم ہوا کہ آپ نے اہلِ کوفہ کی دعوت پر کوفہ جانے کا ارادہ کر لیا ہے تمام اکابر و صاغر نے منع کیا اور سمجھایا کہ یہ اقدام نامناسب ہے۔ اہلِ کوفہ قطعاً بھروسے کے لائق نہیں ان کے قول و عمل کا کوئی اعتبار نہیں انہوں نے آپ کے والد حضرت علیؓ کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ اور آپ کے بھائی حسنؓ کو کس طرح دکھ دیئے یہ سب آپ کی آنکھوں دیکھی باتیں ہیں۔ کیا اس کے باوجود بھی یہ کوفی اس قابل ہیں کہ انہیں منہ لگایا جائے۔ براہ کرم اپنا اپنے بچوں اور سب سے بڑھ کر مسلمانوں

کی اجتماعیت کا خیال کیجیے اور کوفہ کے سفر کا ارادہ ملتوی کیجیے کیونکہ اس میں ملت کی تباہی وبربادی اور انتشار وافتراق کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔ افسوس بزرگوں اور ہمدردوں کی تمام کوششیں ناکام ہوئیں اور حضرت حسینؓ نے ان مخلصانہ مشوروں کے مقابلہ میں اہل کوفہ کی ترغیب وتلقین دھانی پر زیادہ اعتماد کیا۔ اور ابتدائی تحقیق احوال کے لئے اپنے تایازاد بھائی مسلم بن عقیلؓ کو اپنا قائم مقام بنا کر کوفہ روانہ کیا۔ کوفی سازشیوں نے بڑی گرم جوشی دکھائی اور قائم شدہ حکومت کا تختہ الٹنے کے لئے خفیہ طور پر مسلم بن عقیل کے ہاتھ بیعت شروع کر دی اور تھوڑے ہی عرصہ میں اٹھارہ ہزار کوفی اپنے طے شدہ پروگرام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے منظم ہو گئے مسلم بن عقیل نے توقع سے زیادہ کامیابی پر حضرت حسینؓ کو جلد کوفہ آنے کا دعوت نامہ ارسال کر دیا اور لکھا کہ اہل کوفہ اپنے عہد پر دل وجان سے قائم ہیں اور اب تک آپ کے لئے میرے ہاتھ پر اٹھارہ ہزار جنگجو جانثار بیعت کر چکے ہیں لہذا بلا تاخیر کوفہ پہنچیں حضرت حسینؓ کو یہ دعوت نامہ ملا تو آپ کے وفد کے ساتھ کو قبول اور اہل خانہ کے

ساتھ کوفہ کی جانب روانہ ہو گئے۔

ادھر کوفہ کی حکومت کو ان سازشیوں کی سرگرمیوں کی اطلاع ہوئی تو حضرت مسلم بن عقیلؓ کو آڑ بنا کر اختیار کیے ہوئے تھے بالآخر حکومت کے خلاف خفیہ سازش کے نتیجہ میں آپ کو قتل کر دیا گیا کاش حضرت حسینؓ کو خود دنیا کی فریب دہی میں مبتلا ہو کر حضرت مسلم بن عقیلؓ کو ان سازشیوں کے نرغے میں نہ بھیجتے اور مسلم بن عقیلؓ ان غداروں۔ مکاروں اور اسلام دشمن کے اعتماد پر عاجلانہ اقدام نہ کرتے۔ دوران سفر کوفہ کے قریب پہنچ کر آپ کو مسلم بن عقیلؓ کے قتل کی اطلاع ملی آگے بڑھے تو سرحد کی محافظ دستہ گشت پر متعین ملا معلوم کرنے پر آپ نے انہیں تفصیل سے کوفی خطوط ووفود اور ان کی طلب پر کوفہ آنے کے متعلق بتایا۔ دستہ نے آپ کو مشورہ دیا کہ آپ

واپس لوٹ جائیں آپ کو شرپسندوں نے غلط اطلاعات پہنچا کر فریب دیا ہے اب آپ کے ذہن میں کوفیوں کی دھوکہ دہی حضرت علیؓ اور حضرت حسینؓ کے ساتھ ان کے رویہ کے پرانے نقوش ابھرنے لگے تھے اور مسلمانوں کے اجتماعی نظام کے خلاف ان کوفیوں کی موجودہ روش اور آپ کو غلط اطلاعات اور بے حقیقت وعدوں کے ذریعے دھوکہ دے کر یہاں لانے کی اصلیت ظاہر ہوگئی اور آپ کو صاف محسوس ہوگیا کہ جس ارادہ بد کے لیئے انہوں نے حضرت علیؓ کو مدینہ رسول چھوڑنے پر مجبور کردیا تھا جس کے نتیجہ میں آپ حضرت علیؓ پھر مدینہ منورہ سے ایسے محروم ہوئے کہ مدۃ العمر حج تک کی سعادت حاصل نہ کرسکے۔ مجھے آڑ بنا کر بدعہد و بد فطرت کوفی پھر انتشار کا وہی مقصد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ آخر کار حضرت حسینؓ نے فیصلہ کرلیا کہ کوفہ جانے کی بجائے دمشق جا کر خلیفہ یزید کے ہاتھ بیعت کرلینا ہی مناسب ہے وہ میرے ہم کفو اور قریبی عزیز بھی ہیں اور امت مسلمہ کے بلا اختلاف خلیفہ و امیر بھی ہیں۔ میں ان کے پاس جا کر معاملہ طے کرلوں گا۔ جس طرح میرے بھائی حضرت حسنؓ نے ان کے والد حضرت معاویہؓ سے بیعت کرکے طے کیا تھا۔ (طبری صہ ۲۲۵ ج ۵)

یہ فیصلہ کرکے آپ نے قادسیہ سے قریب کوفہ کی راہ چھوڑ کر دمشق کی جانب سفر شروع کردیا حضرت حسینؓ کے قافلہ میں شامل ساٹھ کوفیوں کے لیئے قطعاً ناقابل قبول اور ان کے حصول مقصد کے لیے غیر مفید بلکہ ضرر رساں تھا۔ اس لیئے ان کوفیوں نے کوشش کی آپ کو سمجھا بجھا کر دمشق جانے سے باز رکھا جائے اور کوفہ یا کسی دوسرے سازشی مرکز کی طرف چلنے پر مجبور کریں لیکن حضرت حسینؓ نے ان کی بات نہ مانی اور دمشق کی طرف سفر جاری رکھا۔ اس موقعہ پر حضرت حسینؓ نے کھلے الفاظ میں یہاں تک کہہ دیا کہ :-

"افسوس تم وہ لوگ ہو جنہوں نے میرے والد حضرت علیؓ کو دھوکہ میں رکھا اور شہید کر دیا۔ میرے بھائی حضرت حسینؓ کو زخمی کیا اور مایوس بنایا میرے عم زاد بھائی مسلم بن عقیل کو کوفہ بلا کر قتل کرایا سچ ہے جو بھی تمہارے دھوکے میں آجائے وہ بڑا احمق ہے۔" (جلاء العیون۔ طبری)

شریک قافلہ کوفیوں کی تمام ممکنہ کوششیں ناکام ہوئیں اور انہیں یقین ہو گیا کہ اب حضرت حسینؓ ہمارے ہاتھوں سے نکلا چاہتے ہیں اگر وہ سلامتی کے ساتھ دمشق پہنچ گئے تو وہ حسب اعلان خلیفہ یزیدؒ کے ہاتھ بیعت کر لیں گے خلیفہ یزید اور حضرت حسینؓ آپس میں قریبی عزیز ہیں۔ رشتہ داری ہے اس طرح ہمارے حکومت کے خلاف سارے پروگرام طشت ازبام ہو جائیں گے اور ہماری سازشوں کا علم ہو جائے گا اور یہ صورت حال ہمارے لئے از حد نقصان دہ اور پریشان کن ثابت ہوگی ان باتوں کو سامنے رکھتے ہوئے ان کوفیوں نے حضرت حسینؓ کو شہید کرنے کا پروگرام بنا لیا جب حضرت حسینؓ کربلا پہنچے تو وہاں خیمہ زن ہو گئے تو کوفیوں نے اس جگہ رہنا ذہنی ڈرامہ رچانے کا پروگرام بنا لیا اور بالآخر حضرت حسینؓ کے خیمہ پر دھاوا بول دیا اور انہیں دس محرم الحرام ۶۱ھ ہجری کو شہید کر دیا۔

شیعان کوفہ کی پہلی میٹنگ

شیعان کوفہ سلیمان بن صرد خزاعی کے گھر جمع ہوئے حمد الہی کے بعد سلیمان نے کہا کہ امام حسینؓ یزید سے بیعت پر انکار کر کے مکہ معظمہ گئے ہیں اور تم ان کے بزرگوار شیعہ ہو اگر تم ان کی نصرت کر سکو گے تو ان کو عریضہ لکھ کر بلوا لو اور اگر نصرت میں سستی اور کاہلی کرو گے تو ان کو فریب نہ دو اور ان کو ہلاکت میں نہ ڈالو شیعوں نے کہا کہ حضرت جب اس شہر میں آئیں گے تو ہم ان کی نصرت و حفاظت کریں گے اور پھر ایک عریضہ

خدمت حسینؓ میں لکھا گیا۔ (جلاء العیون ص۱۳۸ مصنف ملا باقر مجلسی)

حضرت مسلمؓ ہانی کے گھر میں

حضرت مسلمؓ رات کو ہانی کے گھر کے تشریف لے گئے اور پنہاں لوگوں سے بیعت لیتے تھے یہاں تک کہ پچیس ہزار اہل کوفہ (شیعہ) نے حضرت مسلمؓ سے بیعت کی۔ (جلاء العیون ص۱۴۲۔ ج۔۲)

شیعوں کی حضرت مسلم سے بے وفائی

جب شام ہوئی تو تیس آدمیوں سے زیادہ حضرت مسلم کے ہمراہ نہ تھے جب حضرت مسلم نے یہ کیفیت دیکھی عذر و مکر اہالیان کوفہ سے مطلع ہوئے اور مسجد میں جاکر مغرب کی نماز ادا کی جب نماز سے فارغ ہوئے فقط دس آدمی آپ کے ساتھ رہ گئے جابا مسجد سے نکلیں جب دروازہ کندہ سے باہر آئے تو کوئی شیعہ آپ کے ہمراہ نہ تھا۔

(جلاء العیون ص۱۵۰۔ ج۔۲)

شیعان کوفہ نے حضرت مسلم کو شہید کر دیا۔

پس حضرت حسینؓ اپنے اصحاب کو جمع کیا اور فرمایا خبر پہنچی کہ مسلم بن عقیل۔ ہانی بن عروہ۔ عبداللہ بن یقطر کو شہید کیا ہے اور ہمارے شیعوں نے ہماری نصرت سے ہاتھ اٹھا لیا ہے۔ (جلاء العیون ص۱۶۴۔ ج۔۲)

قاتلان حسینؓ شیعہ تھے۔

حضرت امام حسینؓ سے جو سلوک شیعوں نے کیا کتب شیعہ اس پر شاہد ہیں کوفہ سے ہزاروں کی تعداد میں شیعوں نے مراسلات بھیج کر امام حسینؓ کو منگوایا پہلے حضرت مسلمؓ کو معہ احباب کے شہید کر دیا پھر حضرت حسینؓ کو نہایت ہی بے دردی اور سفاکی سے قتل کر کے شہید کر دیا۔

چنانچہ اس پر جلاء العیون ص۲۵۷ جلد اول شاہد ہے۔

پس بیس ہزار مردم عراقی نے امام حسین سے بیعت کی اور جنھوں نے بیعت کی تھی خود انھوں نے تلوار حضرت امام حسین پر کھینچی اور حضرت امام حسینؓ کو شہید کیا۔ (جلاء العیون ص ۳۵۸ - ج-۱)

قاتلان حضرت علیؓ بھی شیعہ تھے۔

پس حضرت جبرائیل نے کہا یا محمدؐ آپ کا برادر علیؓ بن ابی طالب آپ کے بعد مقہور و مظلوم ہوگا اس شہر میں جہاں ہجرت کرے گا اور شہید ہوگا اور وہ شہر علیؓ کے شیعوں اور فرزندان شیعہ کا محل و مسکن ہوگا۔ (جلاء العیون ص ۳۸۹ - ج-۱)

شیعان کوفہ کے حق میں زین العابدین کی بددعا

۱۔ حضرت زین العابدین نے فرمایا ایہا الناس میں تم کو قسم خدا کی دیتا ہوں تم جانتے ہو کہ میرے کو خطوط لکھے اور ان کو فریب دیا اور ان سے عہد و پیمان کیا اور ان سے بیعت کی اور آخر کار ان سے جنگ کی اور دشمن کو ان پر مسلط کر دیا پس لعنت ہو تم پر تم نے اپنے پاؤں سے جہنم کی راہ اختیار کی تم لوگ کن آنکھوں سے حضرت رسول اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھو گے جس روز تم سے فرمائیں گے تم نے میری عترت کو قتل کیا۔ میری ہتک و بے حرمتی کی کیا تم میری امت سے نہ تھے۔

(جلاء العیون۔ ص ۲۲۳ - ج-۲)

۲۔ حضرت زین العابدین نے فرمایا کہ تم نے اپنے آپ کو ابدالآباد سزاوار جہنم کیا تم ہم پہ گریہ و نالہ کرتے ہو حالانکہ خود تم نے ہی ہم کو قتل کیا سچ ہے واللہ لازم ہے کہ تم بہت گریہ کرو۔ (جلاء العیون ص ۲۲۰ - ج-۲)

شیعہ فاطمہؓ کی بددعا۔

اے اہل کوفہ تمہارا حال اور مآل برا ہو اور تمہارے منہ سیاہ ہوں تم نے کس سبب سے میرے بھائی حسینؓ کو بلایا اور ان کی مدد نہ کی۔ انھیں

قتل کر کے مال و اسباب ان کا لوٹ لیا۔ وائے ہو تم پر لعنت ہو۔ کیا تم نہیں جانتے کہ تم نے کیا ظلم و ستم کیا ہے اور کن گناہوں کو اپنی پشت پر انبار کیا ہے بعد حضرت رسول تم نے خلق خدا کو قتل کیا ہے۔

ناظرین: یہ ہے امام حسینؓ اور ان کے رفقاء اور خیر خواہوں کا بیان بالخصوص بد دعاؤں کو دیکھو اور شیعوں کے کرتوت پر دیکھو۔ ان کی حیثیت دیکھو۔ قاتل اور مقتول دونوں کا اپنا اپنا بیان سن کر کیا اب بھی کہا جا سکتا ہے کہ شیعہ قاتلان حسینؓ نہیں ہیں؟

کیا اس کتاب اور اس باب کو پڑھنے کے بعد بھی آپ پر شیعوں کی حیثیت آپ پر واضح نہیں ہوئی۔

اب بھی وقت ہے کہ ٹھنڈے دل سے سوچ کر فیصلہ کرو۔
ورنہ یہ گذرا ہوا وقت پھر ہاتھ نہیں آئے گا۔

سیاسی سازشوں کا نیا دور

۱۔ اگرچہ ۱۹۲۴ء میں عالم اسلام کا مرکزی ادارہ خلافت مسمار کیا جا چکا تھا اور سارا اہل اسلام چھوٹے چھوٹے علاقوں خطوں اور ملکوں میں تقسیم کئے جا چکے تھے۔ پھر بھی یہود اور آل یہود اپنی سیاسی بساط شطرنج پر ان کے بکھرے ہوئے مسلمانوں کو مکمل مات دینے میں مصروف رہے اس سازشی پس منظر کے باوجود ۱۹۴۷ء میں دنیا کے نقشے پر وقت کا سب سے بڑا مسلم ملک پاکستان نمودار ہو گیا چنانچہ پوری عالمی یہودیت حرکت میں آگئی اور اس کے دونوں عالمی مہروں یعنی امریکہ اور روس کے اتصال سے اگلے ہی سال ۱۹۴۸ء میں مسلمانوں کی اہم سرزمین فلسطین پر اسرائیل کا ناجائز تولد ہو گیا اس نئی و نادر چال کا مقصد یہ تھا کہ اسرائیل اور ایران مل کر ایک طرف تو پاکستان کے پرخچے اڑا سکیں اور دوسری طرف مسلم مشرق وسطی پر بالادستی کر سکیں۔ یہی وجہ ہے کہ دو سال

کے اندر ۱۹۵۰ء میں جہاں اسرائیل اور ہندوستان کے مابین سفارتی تعلقات استوار ہو گئے وہیں اسرائیل اور ایران میں ایک دوسرے کے سفارتی مشن بھی قائم ہو گئے اس طرح پوری امت اسلامیہ کے خلاف یہود آل یہود (اہل تشیع) اور ہندو کا یہ تکون وجود میں آ گیا اور یہ تکون عالمی طاقتوں امریکہ اور روس کی اعانت سے آج تک بر سر عمل ہے۔ حسب پروگرام اسرائیل نے شرق اوسط کے ممالک سے پنجہ آزمائی شروع کر دی اور ۱۹۵۶ء تک اپنی ناجائز زمین پر مزید اضافہ کر لیا اس کے بعد اسرائیل نے ۱۹۶۷ء میں مسلمانوں کے قبلۂ اول پر بھی قبضہ کر لیا مگر پھر بھی اس کا توسیعی منصوبہ جاری رہا ایک جانب اگر اسرائیل پیہم مسلم عرب کے خلاف بر سر جنگ رہا تو دوسری جانب ایران تیل کا ایندھن اسرائیل کو مکمل فراہم کرتا رہا۔

جب ۱۹۷۹ء میں خمینی نے ایرانی اقتدار سنبھالا تو ایران و اسرائیل کے تعلقات مزید مستحکم ہو گئے ۱۹۸۰ء میں ایران کو اسرائیل نے جدید اسلحہ فراہم کرنے کا آغاز کیا تاکہ ایران اسلام کے نام پر اسلامی بلاد عرب کو زیر و زبر کر سکے اسی بنا پر ایران ۱۹۸۰ء میں ہی عراق سے بر سر پیکار ہو گیا اور کچھ عرصہ اور اسرائیل بھی عراق کی ایٹمی وجوہری تنصیبات پر حملہ آور ہوا۔ ایران کو اسرائیل ہتھیاروں کی فراہمی آج تک جاری ہے۔ اور ایران اپنے آقا کے لئے پورے عرب کو ہتھانے پر تلا ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ لبنان میں بھی اسرائیل پشت پناہی کے ساتھ ایرانی گماشتے فلسطینی مسلمانوں کو ذبح کرتے رہتے ہیں غرض کہ ۱۹۴۸ء سے ہی اسرائیل اور ایران کا مشترکہ منصوبہ یہ ہے کہ مسلم عرب کا جلد تیا پانچا کر دیا جائے۔

۲۔ ادھر پاکستان میں بھی اغیار کی ٹھیک وہی سازشی سیاست

کارفرما رہی قیام پاکستان کے صرف آٹھ سال بعد ۱۹۵۵ء میں ایک سازش کے ذریعے شیعہ کارندہ سکندر مرزا ملک کا سربراہ بن گیا۔ جس نے صرف تین سال (۵۵ء تا ۵۸ء) کی مختصر مدت میں پاکستان پہ چار ضرب کاری لگائیں۔

۱۔ پاکستان کے صوبہ بلوچستان کی ریاست قلات کے خلاف جارحانہ اقدام کیا۔ کیونکہ وہاں عرصہ دراز سے شرعی قوانین نافذ تھے۔

۲۔ پاکستانی صوبہ بلوچستان کا ایک بڑا سرحدی رقبہ جو تیل کی دولت سے مالامال تھا ایران کے حوالے کر دیا۔

۳۔ پاکستان کا اسلامی آئین ۱۹۵۶ء منسوخ کر دیا۔

۴۔ ایرانی النسل نصرت بھٹو کے شوہر ذوالفقار علی بھٹو کو وزیر بنا دیا جس نے آگے چل کر دوسرے شیعہ سربراہ مملکت آغا یحییٰ کے مشن کو مکمل کرنے میں بھرپور کردار ادا کیا اور ۱۹۷۱ء میں بالآخر پاکستان کو دو ٹکڑے کر ڈالا چونکہ اس وقت کی سب سے بڑی اسلامی مملکت نہ صرف سارے اسلامیان عالم کے لئے مضبوط دفاعی ڈھال اور دین اسلام کے لیے مضبوط دفاعی ڈھال اور دین اسلام کے لئے مضبوط قلعہ کا درجہ رکھتی تھی بلکہ حرمین شریف کے لئے بھی حفاظتی حصار کا مقام رکھتی تھی لہٰذا دشمنان اسلام نے اسکیم یہ بنائی کہ پاکستان کو اندرونی خانہ جنگی اور بیرونی حملے کا بیک وقت نشانہ بنایا جائے تاکہ چکی کے ان دو پاٹوں کے درمیان اسے پیس دیا جائے۔

۱۹۷۱ء میں یہی کچھ ہوا۔ آغا یحییٰ اور ذوالفقار علی بھٹو نے مل پاکستانی اکثریت کے منتخب کردہ نمائندے مجیب الرحمٰن کو اقتدار سپرد کرنے سے انکار کر دیا ظاہر ہے اس ظلم اور زیادتی کے خلاف حسب توقع مجیب الرحمٰن کے حلقہ انتخاب مشرقی پاکستان میں زبردست

سیاسی احتجاج شروع ہو گیا اور طے شدہ پروگرام کے مطابق یحییٰ اور بھٹو نے وہاں فوجی کارروائی کے ذریعہ نہ صرف خانہ جنگی بپا کر دی بلکہ ہندوستان کو بھی بالواسطہ دعوت دے دی کہ وہ حرکت میں آجائے اور موقع سے فائدہ اٹھا کر حملہ کر دے چنانچہ ہندوستان نے وہی کیا اور مشرقی پاکستان کو یکدم مغربی پاکستان سے کاٹ کر جدا کر دیا بالآخر ایک ہی تیر سے دو شکار کر لیئے گئے پاکستان آدھا کر دیا گیا اور بچا کھچا مغربی پاکستان (ملحقہ ایران) آئندہ ایران کے لیئے ایک لقمہ تر بنا دیا گیا اس کا مزید ثبوت یہ ہے کہ یحییٰ خان نے بچے کھچے پاکستان کا اقتدار ناجائز طور پر بھٹو کے حوالے کر دیا اور بھٹو نے اعلان کیا کہ نئے پاکستان کا بڑا بھائی ایران ہے۔ بعد ازاں شاہ ایران کے اشارے پر بھٹو نے پاکستان کے صوبہ بلوچستان (ملحقہ ایران) میں فوجی کاروائی تاکہ وہاں ایران موقع نکال کر قبضہ جما لے مگر بلوچی مسلمانوں نے اس شیعہ سازش کو ناکام بنا دیا پھر ۱۹۷۷ء کو قوم نے بھٹو کو اٹھا باہر پھینک دیا۔ اس کے بعد بھی جب بھی نفاذ اسلام کی کوئی کوشش ہوئی تو شیعہ اس میں رکاوٹ بنے انہی شیعوں نے نفرتوں اور عصبیت کا جال پورے ملک میں پھیلایا۔

ایران اور اسرائیل کا یکساں ہدف

چودہ صدیوں کا مختصر تاریخی جائزہ لیا جائے تو یہودیت اور شیعت کے بنیادی حقائق کو بیک نظر واضح کر دیتا ہے۔ اولاً یہ کہ مذہب شیعہ کا بانی مبانی ابن سباہ یہودی تھا دوسرے یہ کہ ابن سباہ کے ناطے شیعت نسلاً و اصلاً وہی یہودیت ہی ہے تیسرے یہ کہ اس رشتے سے یہود اور آل یہود (اہل تشیع) دونوں ہی اسلام کے خلاف گذشتہ چودہ صدیوں سے مسلسل تخریب کاری کرتے رہے ہیں اور چوتھے یہ کہ اس دیرینہ نسبت سے نہ صرف شیعت اور یہودیت کا نصب العین

ایک ہے بلکہ عصر حاضر کے ایران اور تو زائیدہ اسرائیل کا حتمی ہدف بھی یکساں ہے البتہ جب وہ عالمی خلافت عثمانیہ جو دنیا کی سپر پاور بھی تھی اور دنیا کے تمام مسلمانوں کا سیاسی مرکز و محور بھی تھی درہم برہم کر دی گئی اس کے بعد ہی یہود اور آل یہود نے اپنا حتمی ہدف مسلمانوں کا روحانی مرکز بنایا اس غرض سے نئی حکمت علی کے تحت پہلے مرحلے میں اسرائیل نے جنم لیا اور دوسرے مرحلے میں اسرائیل نے ایران کی بالواسطہ اعانت سے مسلمانوں کے قبلہ اوّل (بیت المقدس) پر قبضہ کیا اور پھر تیسرے اور آخری مرحلے میں یہ دونوں ممالک مرکز اسلام یعنی حرمین شریف پر تسلط کے لیے مسرا بلیسی حربہ استعمال کرتے رہے ہیں۔ ۱۹۴۸ء میں ولادت اسرائیل کے موقع پر ہی اسرائیل وزیر اعظم بن گوریان نے اعلان کر دیا تھا کہ یہودی حکومت ان تمام مسلم علاقوں پر قبضہ کرے گی جہاں سے یہودی نکالے گئے تھے۔ اسی لئے اسرائیلی پارلیمنٹ بلڈنگ پر جو وسیع تر اسرائیل کا نقشہ آویزاں ہے اس کی حدود میں حرمین مقدس شامل ہیں ٹھیک اسی یہودی نقشہ پر ایرانی سربراہ خمینی عرصہ دراز سے گامزن ہے جس کے چند شواہد درج ذیل ہیں۔

۱۔ خمینی نے ایران کی سربراہی ۱۹۷۹ء سے برسوں پہلے ایک نہایت معنی خیز کتاب کشف الاسرار لکھی تھی جس میں اس نے گیارہویں صدی ہجری کے شیعہ پیشوا باقر مجلسی کی تحریر حق الیقین کو بہت نمایاں کیا تھا اور باقر مجلسی کی زبانی خمینی نے بالواسطہ یہ دعویٰ کیا تھا کہ:۔

الف۔ جب صاحب الامرؑ اپنے منصب پر فائز ہو جائیں تو سب سے پہلے مکہ معظمہ پر قبضہ کریں گے۔

ب۔ پھر وہ صاحب الامر مدینہ منورہ جا کر پہلے محمدؐ سے بیعت لیں گے پھر ابوبکرؓ اور عمرؓ کو قبروں سے نکال کر

زندہ کریں گے اور سولی پر چڑھا دیں گے۔

ج۔ پھر عائشہ کو زندہ کر کے سزا دیں گے اور آخر میں تمام سنیوں (مسلمانوں) خصوصاً علماء کو قتل کر کے نیست و نابود کر دیں گے۔ (بحوالہ حق الیقین صفحات ۱۳۹-۱۴۵-۵۲۷)

۲۔ خمینی نے اپنی حکومت قائم کرنے سے کچھ ہی پہلے اپنا ابلیسی منصوبہ براہ راست منکشف کر دیا تھا اور کہا کہ دنیا میں ہماری قوت اس وقت تک تسلیم نہیں ہو سکتی جب تک مکہ اور مدینہ پر ہمارا قبضہ نہیں ہو جاتا چونکہ یہ علاقہ مہبط الوحی اور مرکز اسلام ہے۔ اس لئے ہمارا تسلط ضروری ہے اور میں جب فاتح بن کر مکہ اور مدینہ میں داخل ہوں گا تو روضہ رسول میں پڑے ہوئے دو بتوں یعنی ابوبکر اور عمر کو نکال باہر کروں گا۔

(بحوالہ خمینی ازم اور اسلام صفحہ ۸)

۳۔ خمینی نے ۱۹۷۹ء میں اپنی حکومت قائم کرنے کے بعد پوسٹروں اور بینروں کے ذریعہ اپنے جس پلان کی تشہیر کرائی اس کی عبارت تھی کہ "ہم جنگ آزما ہیں یہاں تک کہ غاصبوں کے قبضے سے اپنی مقدس زمینیں (یعنی عراقی کربلا اور سعودی مدینہ منورہ) اور خانہ کعبہ اور جولان واپس لیں گے۔

(بحوالہ ماہنامہ الفرقان لکھنؤ اگست ۱۹۸۷ء صفحہ ۱۱)

۴۔ ایرانی اقتدار فروری ۱۹۷۹ء میں خمینی کے ہاتھ آیا اور صرف ۹ ماہ بعد ہی ایک مسلح گروہ نے حرم کعبہ پر نومبر ۱۹۷۹ء میں حملہ کیا اور سیکڑوں مسلمانوں کو ہلاک کیا اور دو ہفتوں سے زیادہ تک حرم بیت اللہ پر قبضہ جمائے رکھا۔ تاہم ناپاک قبضہ ناکام ہو کر رہا۔

۵۔ اس کے بعد ہر سال عین حج کے دوران خمینی کے کارندے حدود حرمین میں ہنگامے کر کے حرمت حرمین پامال کرتے رہے مرکز امن کو پراگندہ کرتے کا یہ شیطانی دھندہ سال ۸۷ء تک لگاتار چلتا رہا حالانکہ پچھلے

سال ہی حرمین کو آتشیں بموں سے اڑا دینے کی سازش پکڑی جا چکی تھی۔
اس کے باوجود ۱۹۸۷ء کے حج کے لئے خمینی نے اپنی آل و اولاد کو یہ ہدایات
دیں کہ حج کو کافروں سے اظہار برأت (تبرا) کے لئے استعمال کریں اور
ایام حج میں زبردست مظاہروں کا فریضہ انجام دیں اور یہ کہ حج بالکل
فیصلہ کن اور کھیل دینے والا حج ہونا چاہئے۔

(بحوالہ ایمپکٹ انٹرنیشنل لندن ۱۴ تا ۲۷ اگست ۱۹۸۷ء)

ان ہی ہدایات کے مطابق ۳۱ جولائی ۱۹۸۷ء کو جو مسلح جلوس
حرم کعبہ کے اطراف مارچ کر رہا تھا اس کے بینروں پر صاف لکھا تھا کہ
"لبیک یا خمینی" اور "اپنے آپ کو مسلح کر ہتھیار اٹھالو" اس کے ساتھ
ہی اس مسلح ٹولے نے وہ خونخواری و خونریزی بپا کی جس کی تفصیل
منظر عام پر آچکی ہے۔ اس وقت میں اس تفصیل میں نہیں پڑنا چاہتا
خلاصہ یہ ہے کہ عصر جدید میں اسرائیل اور ایران دونوں کا حتمی ہدف
مسلمانوں کا روحانی مرکز ہے لہٰذا حرمین کو تاخت و تاراج کرنے اور اس
سرزمین مقدس پر قبضہ کرنے کے لئے آج کل حکمت عملی یہ ہے کہ
ہراول دستہ تو ایران کا ہو اور اس کو کمک اسرائیل بہم پہنچا رہا ہے۔

حاصل کلام

آج سانحہ حرم شریف کے حوالے سے یہود اور آل یہود (اہل
تشیع) کی پچھلی چودہ صدیوں سے جاری اسلام دشمنی طشت از بام ہو
چکی ہے اور قرون اول کے ابن سبا یہودی (بابائے شیعیت) سے
لے کر دور حاضر کے خمینی تک تمام چہرے تاریخ کے آئینہ میں
بالکل بے نقاب ہو چکے ہیں لہٰذا اب آخری موقعہ ہے کہ مسلمانان
عالم خواب غفلت سے بیدار ہوں اور اپنی بقاء اور اپنے
مرکز حقیقت حرمین شریفین کی حفاظت کے لئے کم از کم اتنا تحقیق

کے سانپوں کی بلا تاخیر اور مکمل سرکوبی کریں۔

ع: ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے

خلافت راشدہ — یا اللہ مدد — حق چار یار

سنیت کے نام پیغام

امیر عزیمت شیر اسلام حضرت العلامہ مولینا حق نواز جھنگوی صاحب اور مورخ اسلام۔ مجاہد بے باک حضرت العلامہ مولینا محمد ضیاء الرحمٰن فاروقی صاحب کی قیادت میں اہلسنۃ والجماعۃ کے نوجوانوں کی نمائندہ تنظیم انجمن سپاہ صحابہؓ پاکستان قرآن وسنت کے فروغ اور صحابہ کرام کی ناموس کی شایان شان حفاظت کرے اور ربانیت اختیار کرکے صحیح سنی مسلمان ہونے کا حق ادا کریں

○ میدان بدر کے ۳۱۳ صحابہؓ کے مشن کے امین
انجمن سپاہ صحابہؓ

○ احد کے ۷۰ شہداءؓ کی وارث
انجمن سپاہ صحابہؓ

○ امام ابو حنیفہ کی استقامت کی آئینہ دار
انجمن سپاہ صحابہؓ

○ ۲۵۶ شہداءؓ کے مشن کی علمبردار
انجمن سپاہ صحابہؓ

○ نظام خلافت راشدہؓ کی داعی اور سبائی ٹولہ کے خاتمہ کا نشان
انجمن سپاہ صحابہؓ

ملتجانب:۔ خاکپائے انجمن سپاہ صحابہؓ چوہدری محمود اقبال
محمد زاہد راشدی۔ محمد نوید۔ محمد اکرم غوری۔ حافظ عبدالشکور قریشی
شیخ محمد خالد فاروقی۔ حاصلپور ضلع بہاولپور

اندھی تقلید نے مسلمانوں کو کیا دیا

سبائی منافقین کفر و مرتدین مسلمانوں کی جماعتوں میں گھسے اپنے آپ کو مومن عالم ظاہر کیا اور پھر اس کے بعد بہت سی بدعتیں اور برائیاں امت مسلمہ کے جہلاء کے طبقے میں داخل کر دیں۔ جنہیں ہمارے سادہ لوح مسلمان اندھی تقلید کی بنا پر اپناتے چلے گئے تقلید بذات خود بری چیز نہیں لیکن اندھی تقلید بہت بری چیز ہے۔

آئیے چند نمونے اختصار کے ساتھ پیش خدمت ہیں۔

ا۔ کونڈے سبائی اور رافضیوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کر کے سمجھ لیا تھا کہ بس انہوں نے اسلام اور اسلامی حکومت کو ختم کر دیا لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت اور سیدنا حسن رضی اللہ عنہ کے خلافت سے دستبردار ہونے پر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفۃ المسلمین بنے تو ان سبائیوں کے سینے پر سانپ لوٹ گیا اور حضرت امیر معاویہ رحمہ اللہ کی [illegible] نے ان کی اسلام دشمن امیدوں پر پانی پھیر دیا یہی وجہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی وفات کے دن جو کہ مورخہ ۲۲ رجب ۶۰ھ کو ہوئی یہ لوگ عید کا دن مناتے ہیں اور اپنی اس نحوست کے بارے میں انہوں نے مسلمین کو مختلف عیارانہ تدبیروں سے سمجھا دیا کہ یہ بڑا مبارک دن ہے۔ [illegible] کونڈے منانے شروع کر دیئے اور یہ نہ سوچا کہ ایسا کرنے [illegible] کا حشر کس کے ساتھ ہوگا؟

۲۔ یا علی مدد جو کہ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کی ضد ہے اور مولا مشکل کشا علی جو خالص شرک ہے رافضیوں کو زیب دے سکتا ہے کہ وہ اسلام اور اللہ کے دشمن ہیں لیکن ہمارے مسلمان کو تو یہ زیب ہی نہیں دیتا کہ رافضیوں نے ایسے کلمات کلمہ گو مسلمین سے بھی کہلوا ڈالے۔ محض اس لیے کہ اندھی تقلید نے انہیں اس طرف مائل کر دیا اور اغیار کے ساتھ یہ بھی شرک میں ملوث ہو گئے اسی طرح کی اور بھی بہت سی بدعتوں کی مثالیں ملیں گی جو محض اندھی تقلید کی بنا پر سبائیت سے ہمارے مسلم (سنی معاشرے) بھائیوں میں داخل اور رائج کی گئیں۔۔۔!

پس ہوشیار اے مسلمان ہوشیار!

۳۔ مسلمانوں سے تبرا کہلوانا

عجمی سازش نے اسلام کے تصور اور اسلامی اصطلاحات کو بگاڑنے کے لئے کچھ ناپاک ہتھکنڈے استعمال کئے۔ مثلاً

لفظ صلوٰۃ جو کہ دین اسلام کی افضل ترین عبادت ہے۔ اس کو یوں استعمال کروایا گیا۔ فلاں شخص کو خوب "صلوٰتیں" سنائیں۔

خلیفہ اسلامی حکومت کے سربراہ کا مخصوص لقب تھا۔ اس لفظ سے قوت۔ ہیبت اور شجاعت کا تصور ابھرتا تھا۔ کچھ عرصہ سے عجمی سازش کے تحت حجام اور ہاتھ پاؤں سے معذور لوگوں کے لیے استعمال ہونے لگا ہے۔ عبادت گذار کو مصلی کہا جاتا تھا لیکن رافضیوں نے غلاظت جمع کرنے والوں کو مصلّی کہنا شروع کر دیا۔

لفظ متقی۔ صوفی عبادت گذار کے لیے بولا جاتا تھا۔ اب جیسا کترے اور پاکٹ مار کو صوفی کہا جاتا ہے۔ تشریف کی تو بات سب جانتے ہیں۔ ہماری کتابوں میں کہاں کہاں شریف کی تکرار ہے قرآن

شریف۔ حدیث شریف۔ مکہ شریف وغیرہ اب شریف بدمعاش کی اصطلاح چل نکلی ہے۔ آپ کس کس شریف کی خیر منائیں گے ؟ صدر اول سے لے کر اب تک ہم بزرگ شخصیت کو حضرت کہتے چلے آئے ہیں مگر فی زمانہ لفنگے، فریبی، دغاباز، کمینہ خصلت آدمی کو حضرت کہا جاتا

ملا ہمیشہ قابل احترام نام سمجھا گیا ہے یہ لفظ ہمارے بڑے بڑے ذی قدر آئمہ کرام کے ناموں کا حصہ ہے مگر ابلیس عجم نے اس میں اپنے نام کی معنویت پیدا کرنے کے لیے ملاں کا لفظ ایجاد کیا، جیسے ہم بلاتکلف استعمال کرتے ہیں۔

لفظ بزرگ کو ہی لے لیجئے اس میں ایک احترام اور تقدس پایا جاتا ہے ہم اپنے باپ دادا کو بھی بزرگ کہتے اور سمجھتے ہیں۔ مگر ایران میں انقلاب اسلامی کے بعد امریکہ کو بھی شیطان بزرگ کہا جانے لگا ہے۔ اس طرح اہل انقلاب نے ایک ہی جنبش لب کے ساتھ شیطان اور امریکہ دونوں کو اپنے بزرگوں میں شامل کر لیا۔

اسی طرح سبائیوں نے پہلے خود اہل بیت پر تبرا کہا پھر مسلمین سے کہلوانا شروع کر دیا۔ پس اے مسلمان ذرا سوچئے اور غور کیجئے۔

سوچئے کہ اس در پردہ کون سی گندی سازش اور غیر انسانی ذہنیت کارفرما ہے ؟ اور یہ کہ بات کہاں سے کہاں جا کر پڑتی ہے در اصل یہ سب کچھ صرف اس لیے ہوا کہ ہم انہیں غلطی سے مسلم سمجھا اور اس لئے ان کی رائج کردہ چیزیں اپناتے چلے گئے اور گرتے اور ذلیل ہوتے چلے گئے۔

تاریخِ اسلام کا سب سے بڑا المیہ

سبائیوں نے کفر کو اسلام کہہ کر پیش کیا اور دنیا دھوکہ کھاتی رہی اور مسلمین سبائیوں اور رافضیوں کو مسلم سمجھتے رہے جب کہ حقیقت میں کافر مرتد اور بدترین دشمن اسلام ہیں۔ ان کا تیار کردہ لٹریچر اسلامی لٹریچر سمجھا جاتا رہا جب کہ وہ تیار رہی اس غرض کے لئے کیا گیا تھا کہ اسلام کا بیڑا غرق کیا جائے۔

ہمارے اہل قلم اور مبلغین بسا اوقات اپنی تحریروں اور گفتگو میں اسلام کی حقانیت ثابت کرنے کے لئے سبائی لٹریچر اور سبائی گفتگو کا حوالہ دینے لگتے ہیں دراصل ایسا وہ یہ سمجھ کر کرتے ہیں کہ سبائی بھی مسلمین کا ایک فرقہ (گروہ) ہے جس کی بنا پر بڑی بڑی غلط فہمیاں اور الجھنیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ لیکن وہ اگر ایک بار اچھی طرح سمجھ لیں کہ سبائی مسلمان نہیں ہیں بلکہ وہ دشمن اسلام ہیں۔ اس سلسلہ میں برصغیر کے بڑے علماء کرام کے فتوں کے بعد کسی اور سوچ کی ضرورت باقی نہیں رہتی کہ شیعہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں اور کافر و مرتد ہیں۔

اسلامی تحریک کو دور اول (ابن سبا کے دور) سے ختم کرنا ان کا مقصد رہا ہے تو پھر حوالہ دینے میں شاید کوئی مثبت پہلو اختیار کر سکیں اور کوئی صحیح اور واضح راہ متعین کر سکیں۔ انہیں ہرگز نہیں بولنا چاہیئے

کہ یہ سبائی ٹولہ (رافضی) ہی ہیں جو کہ ۱۹۴۷ء سے پاکستان میں اسلامی نظام کی آمد کو روکنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگائے ہوئے ہیں۔ لیکن پھر بھی ہمارے اہل قلم اور مبلغین کی آنکھیں نہیں کھلتیں۔

ان کا کوئی بھی لٹریچر موجودہ ہرگز قابل قبول نہیں ہو سکتا اس لیے کہ ان کی بنیاد ہی جھوٹ بولنا، مکر اور دغا فریب کرنا اور پھر اس باب کو تقیہ رکھنا (کتمان) اور پھر سب سے بڑھ کر اسلام دشمنی پر مبنی ہے اس سلسلے میں تاریخ طبری کو ایک موزوں مثال کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے جو تقیہ پر مبنی ہے جس میں اگر ایک صحیح روایت نقل کی گئی ہے تو دریا اس سے زائد روایتیں غلط بھی داخل کر دی گئی ہیں۔ اب ایک تاریخ کے طالب علم کو اس طلسم کو سمجھنا مشکل ہو جاتا ہے پس پریشان ہو کر وہ اسلامی نظام ہی میں کیڑے نکالنے کی کوشش کرتے لگتا ہے یہ میں نے محض ایک مثال دی ہے سبائیوں کا تحریر کردہ لٹریچر اس قسم کی آمیزشوں اور غلط بیانیوں اور دھوکہ دہی سے پر ہے۔

شیعت کوئی مذہب نہیں ہے عیسائیوں کا قول

مسلم تو مسلم غیر مسلم بھی جانتے ہیں کہ شیعیت محض ایک فریب دجل اور سازش ہے۔ برصغیر کی تقسیم سے پہلے رافضیوں اور عیسائیوں کے درمیان میں ایک مناظرہ ہونا قرار پایا جس میں عیسائی مناظر نے رافضیوں کو مخاطب کر کے کہا۔

دنیا کے جتنے بھی مذاہب ہیں ان میں سے ہر مذہب میں تین چیزیں ہوا کرتی ہیں۔

۱۔ مافوق الفطرت قوت ؛۔ جیسے ہندوؤں میں رام اور مسلمانوں میں اللہ وغیرہ

۲۔ ایک مذہبی رہنما :۔ مثلاً عیسائیوں کا حضرت عیسیٰؑ۔ ہندوؤں کا کرشنا اور مسلمانوں کا محمد صلی اللہ علیہ وسلم

۳۔ نظام حیات پر مشتمل کتاب :۔ مثلاً بائبل عیسائیوں کی۔ وید ہندوؤں کی اور قرآن مسلمانوں کی۔

لیکن آپ رافضیوں کا مذہب، مذہب کہلانے کے مستحق ہی نہیں کیوں کہ یہ تینوں بنیادی چیزوں سے محروم ہے۔

وضاحت

۱۔ آپ رافضیوں کا اللہ اتنا بے بس ہے کہ وہ فرشتہ کو غلط وحی لے جانے سے نہیں روک سکتا یعنی اس کے علم میں نہ آسکا کہ وحی تو حضرت علیؓ پر جانی تھی لیکن وہ پہنچ گئی محمدؐ پر پس رافضیوں تمہارا خدا بے بس اور مجبور ہے (وحی کا غلط لے جانا تذکرہ الائمہ ص۶۳)

۲۔ تمہارا راہنما حضرت علیؓ کو ہونا تھا لیکن چونکہ ان تک وحی ہی نہیں پہنچی اس لئے وہ نبی نہ ہو سکے۔ یعنی تمہارے راہنما نہ ہو سکے

۳۔ آپ رافضیوں کا کہنا ہے کہ قرآن مجید میں چالیس سپارے تھے جس میں سے دس سپارے بکری کھا گئی لہذا تمہاری کتاب نامکمل ہے۔

ان تینوں چیزوں کی غیر موجودگی میں کوئی مذہب مذہب ہو ہی نہیں سکتا لہذا تم رافضیوں کے ساتھ کسی مذہبی موضوع پر مناظرہ نہیں کیا جا سکتا۔

پروفیسر ڈی اور ڈلیری کے خیالات رافضیت کے بارے میں

پروفیسر ڈی اوڈیلری اپنی کتاب اردو ترجمہ "فلسفہ اسلام" مطبوعہ نفیس اکاڈمی کراچی میں راقم طراز ہیں کہ

انہوں نے ادیانِ عالم کا مطالعہ کیا اور خصوصیت کے ساتھ

اسلا ور اسلامی فرقوں کا وہ کہتے ہیں۔

"میں نے تمام اسلامی فرقوں میں اسلامی اصول اور اسلامی تعلیمات سے متعلق ان کے اندر کچھ حصہ اور کچھ نہ کچھ رمق ضرور پائی ہے لیکن جب شیعیت کا مطالعہ کیا تو اس کو بالکل اسلام کی ضد پایا۔"

ناظرین کرام ذرا غور فرمائیے۔

ایک غیر مسلم ان کے بارے میں بے لاگ تبصرہ کر رہا ہے اور اس کے یہ خیالات ہیں۔ لیکن مسلمین کے درمیان جو حضرت شیعیت زدہ ہیں ان کی دلچسپیاں اور مفادات شیعیت سے وابستہ ہیں تو وہ آج بھی موزح میں پڑے ہوئے ہیں کہ رافضیت کفر وارتداد ہے یا نہیں۔ پس ذرا سوچ لیجئے کہ کل حشر میں کس کے ساتھ اٹھنا ہے۔

علماء کے لئے لمحہ فکریہ

غور کا مقام یہ ہے کہ عیسائی ہو کر وہ ان منافقین کے بارے میں صحیح رائے رکھے لیکن ہمارے مسلم علماء شش وپنج میں رہیں کیا بات ہے؟ کل حشر کے دن کیا جواب دو گے؟

حقیقت یہ ہے کہ جن علماء پر شیعہ مذہب کی حقیقت منکشف ہو گئی انہوں نے ضرور سبائیت کے خلاف کفر وشرک اور اسلام دشمنی کا فتویٰ دے ڈالا لیکن جو علماء کرام ان سبائی بنیادی عقیدوں کی حقیقت کو نہ سمجھ سکے وہ آج بھی شش پنج میں ہیں کہ انہیں کافر و مرتد اور بدترین دشمن اسلام کہا جائے یا نہیں؟

صرف یہ مقصد سامنے رکھ کر کتاب لکھی گئی ہے کہ عام آدمی شیعیت کے بارے میں سمجھ سکے۔

مسلم کو مرتد بننے سے روکنا ہر مسلم کا فرض ہے

سبائیت کے خلاف ہم آواز کیوں اٹھانا چاہتے ہیں؟ اس لئے

نہیں کہ ہم فرقہ واریت کو جنم دینا پروان چڑھانا چاہتے ہیں بلکہ اس لیے کہ سادہ لوح مسلم قوم کے کچھ افراد زندیقوں سے دھوکہ کھا کر مرتدین کی صفوں میں شامل ہوتے جا رہے ہیں پس انہیں آگاہ کرنا ضروری ہے۔

اس قسم کی فرقہ واریت کا ٹھپہ درحقیقت ہم پہ لگانا ہی حقیقت سے ناآشنائی کی بناء پہ ہوتا ہے اور اگر جان بوجھ کر کیا جاتا ہے تو پھر حکومت کی طرف سے مسلمین پر اس سے بڑھ کر ظلم اور زیادتی اور کوئی ہو ہی نہیں سکتی۔ سبائیت دراصل دینِ اسلام کا کوئی فرقہ نہیں ہے نہ ہی اس کو اسلام سے کوئی واسطہ اور لگاؤ ہے سوائے دھوکہ اور فریب دینے کے۔ یوں کہیے کہ اسلام دشمنی کا نام ہے جو پچھلے ساڑھے تیرا سو برس سے کہیں سبائیت کے نام سے کہیں شیعیت کے نام سے اور کہیں رافضیت کے نام سے عود کرتی رہی اور اسلام کو ختم کرنے اور مسلمین کا استیصال کرنے پہ تلی ہوئی ہے اور جس نے پچھلے چالیس سال کے عرصے میں حکومت پاکستان کے کارندوں کو بھی اپنے پروپیگنڈہ اور اپنی ریشہ دوانیوں سے اس بات پہ تیار کر لیا ہے کہ وہ سبائیت کو اسلام کا فرقہ کہہ کر پکارنے لگا ہے اس سے بڑھ کر کوئی اور فریب نہیں ہو سکتا۔

رافضی جلسے جلوسوں کا مقصد

رافضیوں کے جتنے بھی جلسے اور جلوس رچائے جاتے ہیں ان کا مقصد غم حسینؓ منانا ہرگز نہیں ہے بلکہ اہل بیت پہ تبرا بھیجنا ہے انکی تضحیک و بے حرمتی کرنا۔

مسلمین کو ستانا اور پریشان کرنا۔ مسلمانوں کی تمام دوں میں فتنہ و شورش پیا کرنا اور اس طرح انہیں ہنگامہ آرائی کا شکار بنانا ہے

اکثر دیکھا گیا ہے کہ جلسے میں ایک فرد بھی موجود نہیں گھر میں تالا پڑا ہوا ہے لیکن محلہ کے مسلمانوں کو پریشان کرنے اور ستانے کی

خاطر ٹیپ ریکارڈ انتہائی زیر بم پر چالو کر کے مسلمانوں کو رات بھر پریشان کرنا۔ جب کئی بار ٹیپ ریکارڈ کے پاس صرف چند یا دو ایک کا فرد فرد دین سے زائد کوئی نہیں ہوتا۔ اس طرح ساری ساری رات مسلمین کی آبادی میں نہیں ستانا یہ آخر کون سی انسانیت کو ظاہر کرتا ہے۔ چار سال سے پیشتر ملک کے کئی حصوں میں ان جلوسوں کے ذریعے قتل و غارت گری اور آتش زنی کے ذریعے مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ نقصان پہنچایا گیا ہے۔

متعہ اور شیعہ کے ذمہ دار حضرات

متعہ یعنی زناکاری کو یہ نماز۔ روزہ اور حج سے بھی افضل عبادت مانتے ہیں جتنی زیادہ زناکاری کرے اتنا ہی زیادہ رتبہ بڑھتا ہے۔ یہ متعہ ہی رافضی کا عقیدہ ہے۔ جس نے مسلم سوسائٹی میں چکلے کا رواج دیا۔ شیعہ کہا کرتے ہیں کہ

"ہم جتنا اکابر و اہلبیت کو مانتے ہیں اہل سنت کے ہاں بھی ان کی عظمت مسلم ہے۔"

شیعہ کو چاہیئے تھا کہ وہ اہل بیت کے گھرانے کی ہر دور میں متعہ کرنے کی مثالیں پیش کرتے تاکہ جہاں ہم پر الزام ہوتا خود شیعہ اور ان کی مستورات کے لیئے واجب الاتباع ہوتا۔ میں شیعوں کو چیلنج دیتا ہوں کہ اگر ان میں ذرہ بھر بھی ایمان کی رتی ہے اور متعہ کو کار ثواب جانتے ہیں۔ کیا وہ مستورات اہل بیت کی مثالیں اپنی کتب سے پیش کر سکتے ہیں؟ اگر ثابت کر دیں تو فبہا اس مبارک عمل کا اپنے گھر کی خواتین سے افتتاح کریں اور تمام دنیائے شیعیت کے لیئے ایک واجب الاتباع نمونہ پیش کریں اور مخلص داعی متعہ کو اس پر ناراض یا شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ ایک شرعی حکم ہے۔ جیسے عمرؓ نے مار دیا تھا۔ آپ

اپنے گھر سے اس مردہ سنت کو زندہ کر کے ثواب شہادت حاصل کریں۔

آج اخبارات کی زینت بننے والے شیعہ علماء کرام اور "ہم متعہ کیوں کرتے ہیں"، "متعہ اور اسلام" جیسے رسائل لکھنے والے شیعہ مجتہدین مذہب کے ساتھ اخلاص اور جرأت ایمانی سے کام لے کر گھنٹہ بھر وغیرہ مدت معلوم کے لئے اپنی ۔ ۔ ۔ ۔ کو متعہ کے لئے دینے کا اعلان عام کر دیں تو شیعی معاشرہ میں چودھویں کے چاند کی طرح یہ متعائی سنت زندہ ہو جائے گی اور اہل سنت کی طرف سے لگنے والا یہ الزام دور ہو جائے گا کیوں کہ تم نے اپنے گھر سے سنت کو زندہ کر دیا ہے۔ پھر حضرت عمرؓ کو گالیاں دینے کی بجائے سب شیعہ نوجوان و مستورات اپنے علماء و مجتہدین اور ذاکرین کو دعاؤں سے نوازیں گی۔ پھر کوئی نہ کہے گا کہ "اگر متعہ ختم نہ کیا جاتا تو بجز شقی کے کوئی زنا نہ کرتا" اور "فرمان صادق" سچا ہو جائے گا کہ "شیعوں اللہ نے تم پر شراب کو تو حرام کر دیا مگر اس کے بدلے میں متعہ دے دیا"

اور اگر شیعہ کے ذمہ دار اور قابل اتباع حضرات ایسا نہیں کر سکتے تو خدارا ہم کو یہ اعتقاد رکھنے سے تو منع نہ کریں کہ اپنے گھر میں متعہ ناپسند کر کے دوسروں کی بہن بیٹی سے متعہ کرنے والے زانی ہیں ان کا ضمیر بھی زنا کا فتویٰ دیتا ہے وہ دوسروں کو زنا ہی کی تعلیم دیتے اور زنا پسند کرتے ہیں کیوں کہ وہ اپنے گھر میں اس زنا کو پسند نہیں کرتے اب "فقہ جعفری" کے قانون کے مطابق متعہ کا رشتہ دیں یا انکار کرتے اور متعہ کو بے حیائی سمجھنے کی سزائے ارتداد قتل قبول کریں یا پھر اس مذہب سے توبہ کر لیں۔ اگر آپ ان تین باتوں سے کوئی بھی قبول نہیں کرتے تو آپ شیعہ بن

تمہیں خالص منافق ہیں آپ کا ٹھکانا جہنم ہے کیوں کہ علامہ مجلسی وغیرہ علماء نے متعہ کو ضروریات دین کا منکر و ناپسند کرنے والا ایکا کافر جہنمی ہے تارک۔ فاسق ہے۔ خدا اور رسولؐ اور آئمہ کی لعنت کا مستحق ہے

تفسیر منہج الصادقین سے متعہ نہ کرنے والے کی مذمت میں احادیث ملاحظہ ہوں۔

۱۔ حدیث مرفوع ہے جس نے ایک مرتبہ متعہ کیا اس کا درجہ حسینؓ جتنا ہے۔ جس نے دو مرتبہ کیا اس کا حسنؓ جتنا۔ جس نے تین دفعہ کیا اس کا درجہ حضرت علیؓ جتنا جس نے چار مرتبہ کیا اس کا درجہ میرے برابر ہے (معاذ اللہ)

اگر پانچ دفعہ کرے تو؟

اب جو شخص حضرت علیؓ و حسینؓ کا درجہ نہ چاہے یا متعہ کے ذریعے اس کے حصول کی تمنا نہ کرے اس سے بڑا بدبخت اور بے ایمان کون ہو گا۔

۲۔ حضرت صادقؒ نے فرمایا ہے کہ متعہ ہمارا دین (دستور عمل) ہے اور ہمارے باپ دادا (آئمہ معصومین) کا دین ہے جو متعہ کرے اس نے ہمارے دین پر عمل کیا جو متعہ سے انکار کر دے اس نے ہمارے دین کا انکار کیا اور مذہب کے خلاف اعتقاد رکھا یقیناً متعہ سلف سے قریب ہے اور شرک سے امان ہے متعہ کی اولاد نکاح حلال کی اولاد سے افضل ہے متعہ کا منکر (نہ کرنے والا) کافر و مرتد ہے

۳۔ جو شخص دنیا سے متعہ کرے کرائے بغیر مر جائے وہ قیامت کے دن اٹھے گا تو اس کے ناک کان کٹے ہوں گے۔

متعہ کی آمدنی ... متعہ ... جو کہ کوئی مرد [illegible]

عورت باہمی رضامندی سے وقت مقررہ اور فیس (مہر) مقررہ کے ساتھ بغیر گواہوں کے ایجاب قبول کر کے تعلق قائم کریں چوں کہ نکاح دائمی کے لیے شیعہ کے ہاں گواہ شرط نہیں تو اس گھنٹہ بھر کے عارضی تعلق کے لیے گواہ بدرجہ اولی نہیں جب وہ وقت گذر گیا تو عورت خود بخود آزاد ہو گئی نہ اسے طلاق دی جائے گی نہ وراثت ملے گی نہ نان ونفقہ کی حق دار ہے نہ اس کی عدت ہے نہ مرد پر فیس دینے کے سوا اور کوئی حق رکھتی ہے یہ ساری شرائط وتفصیلات شیعہ کی تہذیب الاحکام وغیرہ میں مذکور ہیں۔

۱۴ر اگست ۱۹۴۷ء کو برصغیر کے مسلمانوں نے ایک آزاد مملکت کے قیام کا خواب دیکھا اور پاکستان اس کی خوبصورت تعبیر بن کر وجود میں آیا لیکن قیام پاکستان کے بعد ہم نے بحیثیت مجموعی اس کے قیام کے مقاصد بھلا دیئے۔

۱۹۷۷ء میں نظام مصطفےٰ کے نام سے جو تحریک اٹھی اس کا محرک اور مقصد اسی گم گشتہ جذبہ کا اجتماعی اظہار تھا کہ اس ملک میں اسلامی نظام کے بغیر کوئی دوسرا نظام نہیں چل سکتا۔

چنانچہ مسلمانان پاکستان کی بے پناہ قربانیوں کے بعد ۱۲ر ربیع الاول کو ملک میں اسلامی قوانین کے نفاذ کا تاریخ ساز اعلان کر دیا گیا اور اسلامی حدود نافذ کر دی گئی اس اعلان نے اہل وطن ہی نہیں بلکہ عام مسلمانان عالم کے دلوں میں ایک نیا ولولہ تازہ پیدا کر دیا۔ سب نے سوچا کہ ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کا آغاز ہو رہا ہے لیکن وہ عناصر جو پاکستان میں کسی صورت اسلامی نظام نافذ ہوتا دیکھنا نہیں چاہتے۔ انہوں نے محسوس کیا کہ اگر اس ملک میں اسلامی نظام کا تجربہ کامیاب ہو گیا تو پھر یہ انقلاب پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے گا۔ چنانچہ اسلام دشمن عناصر نے مسلمانوں کے مختلف فرقوں کے درمیان اختلافات کو ہوا دینے کی مہم تیز کر دی جونہی پاکستان عوام کے متفقہ مطالبے کے پیش نظر نظام مصطفےٰ کے نفاذ کا اعلان

ہوا تو یہ آوازیں بھی اٹھائی جانے لگی کہ فقہ جعفریہ کا نفاذ الگ کیا جانا چاہیئے اور آج تک یہ مطالبہ ہو رہا ہے کہ فقہ جعفریہ کا نفاذ کرو ابھی میں یہ کتاب لکھ رہا تھا کہ ۱۳ مئی ۱۹۸۸ء کو جنگ اخبار لاہور میں خبر شائع ہوئی کہ تحریک فقہ جعفریہ کے دونوں گروہوں کا اتحاد ہو گیا۔ تو میرے لئے ضروری ہو گیا کہ اس کی کتاب میں ایک باب کا اور اضافہ کروں میرے پیش نظر فقط یہی مقصد ہے کہ مختلف فقہوں کا فرق نمایاں کیا جائے تاکہ ہم ہوش مندی سے درپیش مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کریں کسی کے عقائد کو مجروح کرنا یا منافرت پھیلانا ہرگز مقصود نہیں میں اخوند و فکر کی دعوت کے ساتھ غور و فکر کے لیے مستند حقائق پیش کرتا ملک اور قوم کی خدمت سمجھتا ہوں۔

اور مدعا اس بات پہ روشنی ڈالنی ہے کہ اگر اس ملک میں فقہ حنیفہ اور فقہ جعفریہ کا بیک وقت نفاذ کر دیا گیا تو اس ملک میں قانون کا نقشہ اور اس کا حشر کیا ہو گا۔ کیوں کہ فقہ جعفریہ اسی اختلاف کی بنیاد پر ہی استوار ہے۔

شیعہ عقائد کے مطابق موجودہ قرآن وہ نہیں ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہ نازل ہوا تھا اور وہ جو نازل ہوا تھا اس کا وجود دنیا میں کہیں نہیں پایا جاتا۔ اسی طرح سنت ان احادیث نبوی پر مبنی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے روایت کی ہیں اور فقہ جعفریہ کے عقیدہ کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال فرماتے ہی تین کے علاوہ سب صحابہؓ معاذ اللہ مرتد ہو گئے تھے۔ یوں بقول شیعہ احادیث کا ذخیرہ مرتدین کی روایات کا مجموعہ ہے لہٰذا یہ دین کی بنیاد اور قانون کا ماخذ نہیں قرار دیا جا سکتا۔ میرا مقصد اسی پس منظر میں غور و فکر کے لیے مستند مواد پیش کرنا تھا تاکہ ان شیعہ عقائد اور

ان کے مضمرات کا تعین ہو جائے۔

چوں کہ قرآن و سنت کے الفاظ فقہ جعفریہ کے نفاذ سے بے معنی ہو کر رہ جائیں گے اس لیے ارباب عقل و دانش کو اس بات پر غور کرنا چاہیئے کہ ملک کا سواد اعظم جو قرآن و سنت کا شیدائی ہے۔ فقہ جعفریہ کے نفاذ سے اس کا کیا حشر ہوگا۔ یوں تو فقہ کا تعلق انسان کی انفرادی زندگی سے ہے۔ مگر اجتماعی زندگی میں بھی راہنمائی فقہ کا ہی منصب ہے۔ اس وقت ملک میں فقہ جعفریہ کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ اس کے پیش نظر اس باب میں چند اجتماعی مسائل فقہ پر فقہ جعفریہ کی روشنی میں اظہار خیال کروں گا۔

اجتماعی مسائل کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے ہر نظریہ اور کتب کا پس منظر جاننا ضروری ہوتا ہے میں اس باب کا آغاز فقہ جعفریہ کی تاریخ سے کرتا ہوں

محمود اقبال

تاریخ فقہ جعفریہ

جیساکہ نام سے ظاہر ہے یہ فقہ امام جعفرؒ کے نام سے منسوب ہے امام جعفرؒ کے نام کے استعمال سے یہی تاثیر ملتا ہے کہ یہ فقہ آپ کے عہد میں یا آپ کی زیرنگرانی مرتب ہوئی ہو گی۔ مستند شیعہ کتاب کے مطالعہ سے آدمی اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ امام باقرؒ کے عہد تک شیعہ کا دور جاہلیت تھا جس میں مناسک حج اور حلال وحرام جیسے اہم امور سے بھی واقفیت نہیں رکھتے تھے۔ اصول کافی کی مندرجہ ذیل عبارت ملاحظہ ہو۔

كان محمد بن علي ابا	پھر امام باقر آئے ان سے
جعفر وكانت الشيعة	پہلے تو شیعہ حج کے مناسک
قبل ان يكون ابو جعفر	اور حرام حلال سے بھی
وهم لا يعرفون	واقف نہ تھے امام باقر
مناسك حجهم	نے شیعہ کے لیے حج کے
حلالهم وحرامهم	احکام بیان کیے اور حرام
حتى كان ابو جعفر	حلال میں تمیز کا دروازہ
ففتح لهم وبين لهم	کھولا یہاں تک کہ دوسرے
مناسك حجهم و	لوگ شیعہ کے محتاج
حلالهم وحرامهم	ہونے لگے جب کہ ان
حتى صار الناس يحتاجون	سے پہلے شیعہ ان
اليهم من بعد	مسائل میں دوسروں

ما کانوا یحتاجون   کے محتاج تھے۔
الی الناس۔

اسلام کی دعوت کے ساتھ نبی کریمؐ نے حلال وحرام کی نشاندھی فرمادی تھی جب دین مکمل ہوگیا تو حلال وحرام عبادات معاملات و عقائد تمام چیزیں مکمل ہوگئیں۔ حضورؐ نے نہ صرف سب کچھ بتادیا بلکہ ان اصولوں کی بنیاد پہ ایک معاشرہ بھی تیار کیا خلافت راشدہ کے دور میں حلال وحرام کے انہی مسائل پہ عمل ہوتا رہا جو نبی کریمؐ نے بتائے تھے مگر صاحب اصول کافی کہتے ہیں کہ شیعہ کو حلال وحرام کا علم نہ تھا۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ شیعہ کو حلال وحرام کے ان مسائل اور حج کے مناسک کا علم نہ تھا جو اسلام نے اور داعی اسلامؐ نے لکھائے تھے۔ امام باقر کے متعلق شیعہ کتب سے اس بات کا سراغ ملتا ہے کہ آپ نے شیعہ کو حلال حرام کا احساس دلایا اور ان کو حدود سے روشناس کرایا۔ لیکن اس کا کہیں سراغ نہیں ملتا کہ آپ کی زیر نگرانی کس فقہ کی تدوین ہوئی۔

امام باقرؒ کا سن وفات ۱۱۳ھ ہجری ہے معلوم ہوا کہ پہلی صدی ہجری اور اوائل دوسری صدی ہجری میں جس میں خلافت راشدہ اور بنو امیہ کا بیشتر حصہ شامل ہے فقہ جعفریہ کا وجود ہی نہیں تھا۔ اس لیئے کسی اسلامی سلطنت میں اس کے نافذ کیئے جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس کے بعد امام جعفر کا دور آتا ہے آپ کی وفات ۱۴۸ھ میں ہوئی کیوں کہ فقہ جعفریہ انہی سے منسوب ہے اس لیئے ہمیں اس امر کی تلاش کرنا چاہیئے کہ کیا واقعی فقہ کی کوئی کتاب اپنی زیر نگرانی تیار کروائی تاریخ سے ہمیں اس امر کا ثبوت نہیں ملتا۔ ہاں شیعہ نے امام جعفرؒ سے منسوب روایات، اخبار اور احادیث کو فقہی عنوانات

کے تحت جمع کر کے چار کتابیں مدون کیں یہ کتابیں درحقیقت تو حدیث کی کتابیں تھیں مگر فقہی عنوانات کی وجہ سے یہ فقہ جعفریہ کی بنیادی کتاب کہلائیں۔ شیعہ ان کتابوں کو صحاح اربعہ کہتے ہیں۔

ان کی تفصیل ذیل میں دی جاتی ہے۔

۱- الکافی :۔ یہ کتاب ابوجعفر کلینی نے ۳۲۹ھ ہجری یعنی امام جعفرؒ کی وفات سے تقریباً ایک سو اسی ۱۸۰ برس بعد لکھی۔

۲- من لا یحضرہ الفقیہ :۔ یہ کتاب محمد بن علی ابن بابویہ قمی نے ۳۸۱ھ ہجری یعنی امام جعفرؒ کی وفات کے تقریباً دو سو برس بعد لکھی۔

۳- تہذیب الاحکام
۴- استبصار

یہ دونوں کتب محمد بن حسن طوسی نے ۴۶۰ھ ہجری میں یعنی امام جعفر کی وفات کے تقریباً تین سو دس ۳۱۰ برس بعد لکھی۔

تاریخ میں کسی بھی اسلامی سلطنت میں فقہ جعفریہ کے رائج ہونے کا ثبوت نہیں ملتا۔ ادھر برصغیر میں ۱۱۹۳ء میں محمد غوری سے لے کر آخری مغل بادشاہ تک کسی وقت بھی فقہ جعفریہ کے رائج ہونے کا تاریخی ثبوت نہیں ملتا۔

بات چل رہی تھی کہ حضرت امام جعفرؒ کی وفات کے ۱۸۰ برس سے لے کر ۳۱۰ برس بعد تک مندرجہ بالا کتابیں مدون ہوئیں ظاہر ہے کہ اس عرصے میں امام جعفرؒ کی روایات مختلف راویوں کے ذریعے ان محدثین تک پہنچی ہوں گی اس لیے ان مسائل اور اس فقہ کے صحیح یا مشکوک ہونے کا انحصار رواۃ کی ثقاہت اور عدم ثقاہت پر ہے اس لیے ضروری ہے کہ خود جعفریہ فن رجال کی روشنی میں ہی اس بات کا جائزہ لے لیا جائے اور آخری فیصلہ قارئین پر چھوڑا جائے۔

ابتداءً مشہور شیعہ علامہ باقر مجلسی کی مایہ ناز کتاب حق الیقین کے صفحہ ۱۷۲ پر دی گئی مندرجہ ذیل عبارت سے کرتے ہیں۔

"اس میں کوئی شک نہیں کہ اہل حجاز و عراق۔ خراساں فارس وغیرہ سے فضلاء کی ایک جماعت کثیر حضرت باقرؒ اور حضرت صادقؒ نیز تمام آئمہ اصحاب سے تھی"۔

مفضل زرارہ۔ محمد بن مسلم۔ ابو ہریرہ۔ ابو بصیر۔ ھشام بن حمران جبکہ مومن طاق اور معاویہ بن عمار کے اور ان کے علاوہ اور کثیر جماعت بھی تھی جن کا شمار نہیں کر سکتے۔ اور کتب رجال اور علمائے شیعہ کی فہرستوں میں سطور و مذکور ہیں یہ سب شیعوں کے رئیس تھے ان لوگوں نے فقہ۔ حدیث و کلام میں کتابیں تصنیف کر کے تمام مسائل کو جمع کیا ہے"۔

یہ اقتباس ایک طویل بیان کا حصہ ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ۔

۱۔ اصحاب آئمہ کی کثیر تعداد جس کا شمار نہیں اس کے متعلق تو کچھ نہیں کہا جا سکتا مگر جس جماعت کثیر کا شمار کیا جا سکتا ہے اور اس میں شامل جن لوگوں کے نام دیئے گئے ہیں۔ وہ شیعوں کے رئیس ہیں۔

۲۔ آئمہ سے ان اصحاب نے فقہ و حدیث کے مسائل جمع کیے ہیں اس فقہ کا ماخذ کتاب اللہ سے تلاش کرنے کی ضرورت نہیں کیوں کہ شیعہ عقیدہ کی رد سے موجودہ قرآن محرّف ہے اس میں پانچ قسم کی تحریف ہوئی لہذا اس کا اعتبار۔؟

اب ان رؤسائے شیعہ کے حالات شیعہ کتب رجال سے پیش کرتے ہیں۔

زرارہ:۔ یہ اصحاب آئمہ کے بھی رئیس ہیں یہاں

کے ہم پایہ ہے۔
رجال کشی صفحہ ۹۵ پہ ان کی فضیلت کے بارے میں یوں درج ہے۔

قال اصحاب زرارہ	اصحاب زرارہ کہتے ہیں
من ادرک زرارہ بن	کہ جس نے زرارہ کو
اعین فقد ادرک ابا	پالیا اس نے امام جعفر
عبد اللہ	کو پا لیا۔

ظاہر ہے کہ اس سے زیادہ کسی کی تعریف اور کیا ہو سکتی ہے مگر سوال تو امانت، دیانت اور کردار کا ہے سو اس کے متعلق رائے ملاحظہ ہو۔

۱۔ "یہ حکم ایسی جماعت کے حق میں ہے جن کی غلالت پر صحابہ کا اجماع ہے جیسا کہ زرارہ اور ابو بصیرؓ یعنی زرارہ اور ابو بصیر بالاجماع گمراہ ہیں۔ (حق الیقین صفحہ ۲۴)

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے جو خود گمراہ ہے وہ دوسروں کی راہنمائی کیا کریں گے۔ جس راہ پہ خود چلے ہیں دوسروں کو بھی اس پہ چلائیں گے۔

۲۔ امام جعفرؒ نے تین مرتبہ فرمایا لعن اللہ زرارہ۔ لعن اللہ زرارہ۔ لعن اللہ زرارہ۔ یعنی امام جعفر نے تین مرتبہ فرمایا۔ اللہ لعنت کرے زرارہ پہ (رجال کشی صفحہ ۱۰۰)

شیعہ عقیدہ کے مطابق امام معصوم ہوتا ہے اس لیے معصوم کے قول میں شک شبہ کی گنجائش نہیں ہونی چاہئیے۔ لہذا کوئی شیعہ زرارہ کے ملعون ہونے کا انکار نہیں کر سکتا۔ ظاہر ہے جس فقہ کا رئیس اعظم ایسا ہو جس کو امام نے ملعون قرار دیا ہو اس فقہ کی ثقاہت

افادیت اور فضیلت سے کیسے انکار ہو سکتا ہے۔

ابو بصیر:۔ حق الیقین میں زرارہ کے ساتھ گمراہی میں حصہ دار ابو بصیر کو بتایا گیا ہے۔ اس لیے امام جعفرؒ کے متعلق اس کا عقیدہ بھی معلوم کرنا ضروری ہے۔

قال جیس ابو بصیر علی باب ابی عبد اللہ علیہ السلام لیطلب الاذن ولم یوذن لہ فقال لو کان معنا طبق لاذن۔ قال فجاء کلب تشغر فی وجہ ابی بصیر۔ (رجال کشی ص۱۱۶)

راوی کہتا ہے ابو بصیر امام جعفرؒ کے دروازے پر بیٹھا تھا اندر جانے کی اجازت چاہتا تھا مگر امام اجازت نہیں دے رہے تھے۔ ابو بصیر کہنے لگا اگر میرے پاس کوئی تھال ہوتا تو اجازت مل جاتی پھر کتا آیا اور اس کے منہ میں پیشاب کر دیا۔

محمد بن مسلم:۔ اس شخص کا دعویٰ ہے کہ امام باقر سے ۳۰ ہزار حدیثیں سنیں اور امام جعفر سے ۱۶ ہزار احادیث کی تعلیم حاصل کی۔ (رجال کشی ص۱۰۹)

عن مفضل بن عمر قال سمعت ابا عبد اللہ یقول لعن اللہ محمد بن مسلم کان یقول ان اللہ لا

مفضل کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر سے سنا فرماتے تھے محمد بن مسلم پر اللہ کی لعنت ہو یہ کہتا تھا کہ جب کوئی

يعلم شيا حتى يكون	چیز وجود میں نہ آجائے اللہ کو اس کا علم
(رجال کشی ص۱۱۲)	نہیں ہوتا۔

خلفائے ثلاثہؓ کے عہد میں وہی فقہ رائج تھی جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کتاب الٰہی کی روشنی میں اپنے ارشادات اور صحابہ کی عملی تربیت کر کے رائج فرمائی حضرت علیؓ نے اپنے عہد خلافت میں اس فقہ سے بال برابر بھی انحراف نہیں کیا۔ یعنی انہوں نے بھی وہی فقہ رائج رکھی جو خلفائے ثلاثہؓ کے عہد میں رائج رہی جس فقہ پر ابوالائمہ حضرت علیؓ نے پوری زندگی اور پورا عہد خلافت گذار دیا۔ خدا جانے اس علیؓ سے محبت کے دعویداروں کو اس فقہ سے اتنا بیر کیوں ہے۔

علی سے محبت لیکن ان کی طرز زندگی سے بیر!!!

پبلک لا فقہ جعفریہ (اجتماعی مسائل)

باب النکاح

نکاح ایک ایسا معاہدہ ہے جس سے ایک مرد اور عورت کے درمیان ایک مستقل اور عمر بھر کا رشتہ قائم ہو جاتا ہے اس سلسلہ میں فقہ جعفریہ نے جہاں عوام کے لیے بے پناہ سہولتیں مہیا کی ہیں وہاں قانون اور حکومت کے لیے بے پناہ قربانیاں رکھیں ہیں مثلاً

عن زرارہ بن اعین قال سئل ابو عبداللہ علیہ السلام عن الرجل	زرارہ کہتا ہے امام جعفرؒ سے ایسے آدمی کے متعلق پوچھا گیا جو

يتزوج المرأة لغير مشهود فقال لاباس يتزويج البتة فيما فی تزويج البتة من اجل الولد لوت ذالك ولم يكن به بأس (فروغ کافی - طبع جدید ۵ : ۳۸۷)	گواہوں کے بغیر عورت کے بغیر عورت سے نکاح کرے۔ امام نے فرمایا کوئی حرج نہیں اللہ کے نزدیک یہ نکاح صحیح ہے۔ نکاح کے گواہ تو صرف اولاد کے لیے ہوتے ہیں اگر نکاح میں اولاد مقصود نہ ہو تو بغیر گواہ کے نکاح میں کوئی حرج نہیں۔

صاف ظاہر ہے کہ زانی اور زانیہ کا مقصد حصول اولاد نہیں ہوتا۔ لہٰذا فقہ جعفریہ میں اگر زنا نام کی کوئی چیز ہو سکتی ہے تو صرف اس صورت میں کہ یہ بالجبر ہو ورنہ ہر زنا ایک جائز نکاح ہے جس کے لیے گواہوں کی ضرورت نہیں۔

دوسری بات اگر حکومت یا قانون فقہ جعفریہ کو تسلیم کر لے تو زنا کی حد جاری کرنے کا تکلف ہی نہیں کرنا پڑے گا۔

تہذیب الاحکام ۷ : ۲۴۸

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال انما جعلت البینة فی النکاح من اجل المواریث۔	امام جعفرؒ نے فرمایا کہ نکاح میں گواہوں کی حاجت محض اولاد کی میراث ثابت کرنے کے لیئے ہوتی ہے۔

عمل قوم لوط اور فقہ جعفریہ

(فرق الشیعہ از ابو محمد الحسن بن موسیٰ)

شیعوں کے شہید ثالث علامہ نور اللہ شوستری نے اپنی کتاب مجالس المومنین ۱: ۴۲۶ پہ اس کتاب کے صفحہ ۹۳ سے لواطت کے بارے میں مندرجہ ذیل اقتباس ملاحظہ ہو۔

وقالوا اباحتہ	مراد یہ ہے کہ لڑکوں سے
المحارم من الفروج	وطی حلال ہے اور دلیل
والغلمان واعتلوا	قرآن میں ہے یا نکاح
اخی ذالک بقول اللہ	کرتا ہے لڑکوں اور
تعالیٰ عزوجل	عورتوں کے ساتھ

فقہ جعفریہ میں لڑکوں سے نکاح کرنا گویا منشائے قرآن کے عین مطابق ہے۔

تہذیب الاحکام

سالت ابا الحسن الرضا	امام موسیٰ رضا سے
علیہ السلام عن اتیان	عورت کے ساتھ وطی
الرجل المراۃ من	فی الدبر کے متعلق پوچھا
خلفھا فقال احلتھا	گیا تو فرمایا قرآن کی
اٰیۃ من کتاب اللہ	آیت نے اسے حلال
عزوجل قول لوط	قرار دیا ہے حضرت لوط
ہٰؤلاء بناتی ھن	نے فرمایا یہ میری بیٹیاں
اطھر لکم وقد علم	تمہارے لیے پاکیزہ ہیں
انھم لا یریدون	وہ جانتے تھے کہ قوم
الفرج۔	لوط قبل سے وطی کرتا

نہیں چاہتی تھی یعنی
وہ خلاف وضع فطرت
کے عادی تھے

تہذیب الاحکام ۷ : ۴۱۴

عن عبد اللہ بن ابی یعفور قال سالت اباعبد اللہ علیہ السلام عن الرجل یاتی فی المرأۃ فی دبرھا قال لا باس بہ اذا رضیت

عبداللہ بن یعفور کہتا ہے کہ میں نے امام جعفرؒ سے عورت کے ساتھ وطی الدبر کے بارے میں پوچھا فرمایا کوئی حرج نہیں اگر عورت راضی ہو۔

استبصار ۱ : ۵۶

